ظالموں کیخلاف مظلوموں کی آواز روزنامہ عوامی دنیا

DAILY AWAMI DUNIYA GUJRANWALA

روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان

ABC کیطرف گامزن

سرپرست چوہدری سمیع اللہ رہاڑ

چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو

چیف ایگزیکٹو سید صادق علی شاہ

لیگل ایڈوائزر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ

ایڈیٹر چوہدری عابد سعید گل

جلد نمبر 32، شمارہ نمبر 226 | بدھ 22 شعبان المعظم، 1447ھ، 11 فروری 2026ء، 29 ماگھ، 2081ب، صفحات 4، قیمت 10 روپے

ستھرا پنجاب لائق تحسین پراجیکٹ مثبت نتائج حاصل ہو رہے ہیں

انچارج وزیراعلیٰ شکایات سیل

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے دن رات کوشاں ہیں 'ستھرا پنجاب پروگرام کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے دیہات تک لایا گیا ہے 'مرزا محمد شعیب

عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی 'صفائی ستھرائی اور سینی ٹیشن سروسز مزید بہتر بنائی جائیں' کمشنر

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی 'انچارج شکایات سیل وزیر اعلیٰ پنجاب مرزا محمد شعیب اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے یونین کونسل میتر انوالی کا تفصیلی دورہ کیا۔ جس کے دوران انہوں نے صفائی ستھرائی اور سینی ٹیشن کی مجموعی صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ کمشنر گوجرانوالہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

عدالتی بائیو میٹرک سسٹم شہریوں کے لیے اذیت بن گیا

وزیر آباد کی عدالتوں میں نافذ کیے گئے بائیو میٹرک سسٹم نے سائلین کے مسائل میں غیر معمولی اضافہ کر دیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عدالتی بائیو میٹرک سسٹم شہریوں کے لیے اذیت بن گیا۔ وزیر آباد کی عدالتوں میں نافذ کیے گئے بائیو میٹرک سسٹم نے سائلین کے مسائل میں غیر معمولی اضافہ کر دیا ہے۔ سائلین، وکلا اور بزرگ شہریوں کا کہنا ہے کہ بظاہر شفافیت کے نام پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

شیعہ علما کونسل پاکستان سانحہ جامعہ مسجد خدیجۃ الکبریٰ ترلائی کے خلاف 13 فروری بروز جمعہ کو ملک گیر احتجاج کرے گی

وزیر آباد: سید مظفر زیدی، علامہ شبیر حسین ہاشمی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شیعہ علما کونسل پاکستان سانحہ جامعہ مسجد خدیجۃ الکبریٰ ترلائی کے خلاف 13 فروری بروز جمعہ کو ملک گیر احتجاج کرے گی، نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد ملک بھر میں احتجاجی ریلیاں نکالی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار شیعہ علما کونسل پاکستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ٹیوٹا کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو ہنر مند بنا کر خود کفیل بنانا ہے

ساجد کھوکھر

ڈی اے ای ٹیکنالوجی کورسز کا آغاز اسی وژن کا تسلسل ہے تاکہ طلبہ کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق جدید تکنیکی تعلیم فراہم کی جا سکے' چیئرمین ٹیوٹا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) چیئرمین ٹیوٹا (TEVTA) بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر ایس آئی ایم (اور سینئر ڈائریکٹر جنرل ٹیوٹا اختر عباس بھروانہ نے ڈی اے ای (DAE) ٹیکنالوجی کورسز کے اجرا کے سلسلہ میں گورنمنٹ لائٹ انجینئرنگ سروس سینٹر گوجرانوالہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر گورنمنٹ لائٹ انجینئرنگ سروس سینٹر انجینئر محمد آصف صدیق بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ناپ تول میں کمی کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی

شفیق طارق

ایسے کنڈے 'باٹ جن کی تولنے کی گنجائش 20 کلو تک ہے کی سالانہ پاسنگ فیس ختم کر دی گئی ہے

اگر کوئی خود کو محکمہ کا نمائندہ 'ٹھیکیدار ظاہر کر کے سرکاری فیس وصول کرنے کی کوشش کرے تو رپورٹ کریں

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز 'پرائسز 'ویٹس اینڈ میٹرز محمد شفیق طارق نے دکاندار حضرات کو تنبیہ کی کہ وہ اپنے ترازو 'باٹ وغیرہ کی درست کارکردگی کو یقینی بنائیں اور عوام الناس کو پورے وزن کے ساتھ اشیا مہیا کریں۔ ناپ تول میں کمی کرنے والوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

دہشتگردی کا خاتمہ قومی یکجہتی سے ممکن ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب

ہم بلوچستان کے ساتھ ہیں، دہشت گردی کا خاتمہ قومی یکجہتی سے ممکن ہے، بلوچستان میں امن، استحکام اور خوشحالی دیکھنا چاہتے ہیں، خیر مقدم کرنے پر سرفراز بگٹی کی شکر گزار ہوں اور یہاں کے لوگوں کی ملک کے ساتھ عقیدت کو سراہتی ہوں

خوشی ہوگی کہ بلوچستان کے عوام کی خدمت کر سکوں، حوصلے اور استقامت کے ساتھ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبے کے معاملات چلا رہے ہیں، بلوچستان کو فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن میں ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے

کوئٹہ: (دنیا نیوز) (وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش چیلنجز میں حکومت پنجاب ہر ممکن تعاون کرے گی۔ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ آمد پر مریم نواز کا میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ اور اراکین اسمبلی کی جانب سے پرتپاک استقبال کرتے ہوئے خوش آمدید کہا جب کہ انہوں نے بلوچستان کابینہ اور اتحادی جماعتوں کے اراکین سے ملاقات کی۔ مریم نواز کا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ خوشی ہے کہ بحیثیت وزیر اعلیٰ میرا پہلا دورہ بلوچستان کا ہے، بلوچستان کے عوام کا جذبہ اور پاکستان سے وابستگی قابل ستائش ہے، بلوچستان کو درپیش چیلنجز میں حکومت پنجاب ہر ممکن تعاون کرے گی۔ یہ بھی پڑھیں: مریم نواز کی کوئٹہ میں گورنر بلوچستان سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر گفتگو ان کا کہنا تھا کہ ہم بلوچستان کے ساتھ ہیں، دہشت گردی کا خاتمہ قومی یکجہتی سے ممکن ہے، بلوچستان میں امن، استحکام اور خوشحالی دیکھنا چاہتے ہیں، خیر مقدم کرنے پر سرفراز بگٹی کی شکر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

وزیر آباد، بجلی کی بندش سے موبائل سروس متاثر

نیٹ ورک کی خرابیوں سے صارفین مشکلات کا شکار

وزیر آباد (محمد شبیر) شہر اور گردونواح میں بجلی کی بندش سے موبائل سروس متاثر، نیٹ ورک کی خرابیوں سے صارفین مشکلات کا شکار۔ وزیر آباد اور گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے باعث موبائل ٹاورز کئی گھنٹوں تک بند رہنے لگے ہیں، جس سے شہریوں کا مواصلاتی رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ مقامی صارفین نے بتایا کہ موبائل نیٹ ورک کی بندش کے دوران وہ اپنے ضروری رابطے قائم نہیں رکھ پاتے اور کاروباری، تعلیمی اور طبی امور میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ صارفین کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ترنڈہ محمد پناہ ڈاکٹر سفیان افضل خان مستوئی نے IUK ISM، کرغزستان سے اپنی تعلیم مکمل کر کے ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کر لی

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) ترنڈہ محمد پناہ ڈاکٹر سفیان افضل خان مستوئی نے IUK ISM، کرغزستان سے اپنی تعلیم مکمل کر کے ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کر لی۔ اس اہم کامیابی پر اہلِ علاقہ، دوست احباب اور عزیز و اقارب نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی اور نیک تمناں کا اظہار

مرشد کی بارگاہ میں خواتین با حجاب ہو کر آئیں، سائیں شیر ابدال

سوشل میڈیا پر سخی لال شہباز قلندر کے مزار میں پہلی مرتبہ ایسی فحاشت دیکھنے کو ملی

اٹک (نامہ نگار) سجادہ نشین حضرت سخی لال شہباز قلندر سہون شریف سائیں شیر ابدال نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر سخی لال شہباز قلندر کے مزار میں پہلی مرتبہ ایسی فحاشت دیکھنے کو ملی ہے کہ اپنی حیا کو سائیڈ پر رکھ کر خواتین اپنے بال کھول کر ناچ کر دھمکے لگاتا اور بہت سے غیر ضروری حرکات کرتی ہیں، یہ ان کو ہرگز زیب نہیں دیتا کہ وہ پاک جگہوں پر فحاشت کا ماحول پیدا کریں، قلندر لال شہباز کے مزار پر دھمال مشرقی عزاداری کا نام ہے اور اس سے ہٹ کر کوئی بھی ناچ گانا سراسر فحاشت کے زمرے میں آتا ہے، ایسے لوگوں کو اللہ ہی ہدایت دے سکتا ہے اور ہم صرف ان کے لیے دعا کر سکتے ہیں، ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

دہشتگردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، رانا ابرار حسین

پوری قوم دہشتگردی کے خلاف افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سرپرست اعلیٰ پاکستان مسلم لیگ ن جاپان رانا ابرار حسین نے مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ امام بارگاہ قصر خدیجہ الاکبریٰ میں دوران نماز دہشتگردوں کی طرف سے دھماکہ کر کے نمازیوں کو شہید کرنے پر اظہار افسوس کرتے ہیں اور شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں بے گناہ نمازیوں اور عبادت گزاروں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز فعل ہے پورا پاکستان اس سانحہ پر سوگ وار ہے پھر کسی کا نہ کوئی دین ہے اور نہ کوئی انسانیت سے تعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

محمد علی جناح لا کالج گوجرانوالہ کے زیر اہتمام گلگھڑ سپورٹس کمپلیکس میں سپورٹس گالا کا انعقاد کیا گیا

جس میں محمد علی جناح لا کالج کے طلبہ و طالبات نے بھرپور حصہ لیا

گوجرانوالہ (سپورٹس رپورٹر) محمد علی جناح لا کالج گوجرانوالہ کے زیر اہتمام گلگھڑ سپورٹس کمپلیکس میں سپورٹس گالا کا انعقاد کیا گیا جس میں محمد علی جناح لا کالج کے طلبہ و طالبات نے بھرپور حصہ لیا اور مختلف کھیلوں کے مقابلوں میں اپنی جسمانی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے پروگرام کی نظامت کے فرائض میڈم شائستہ شاہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے احسن طریقے سے سرانجام دیئے اور وائس پرنسپل میڈم گلشن مقصود ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے خوبصورت طریقے سے پروگرام کو آ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گورنمنٹ پرائمری سکول موضع ٹاہلی والا کو ہائیر سکول کا درجہ دلوانے پر معروف قانون دان چوہدری جمشید سلطان گھمن اور اہل علاقہ کا رکن قومی اسمبلی بیرسٹر بلال فاروق تارڑ اور ایم پی اے وقار احمد چیمہ سے اظہار تشکر

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ پرائمری سکول موضع ٹاہلی والا کو ہائیر سکول کا درجہ دلوانے پر معروف قانون دان چوہدری جمشید سلطان گھمن اور اہل علاقہ کا رکن قومی اسمبلی بیرسٹر بلال فاروق تارڑ اور ایم پی اے وقار احمد چیمہ سے اظہار تشکر۔ تفصیلات کے مطابق وزیر آباد میں بیلہ کے علاقہ موضع ٹاہلی والا کے مکینوں کے مطالبہ پر ایم این اے بیرسٹر بلال فاروق تارڑ اور ایم پی اے وقار احمد چیمہ نے گورنمنٹ پرائمر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

قصور، ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتیں

ڈاکوؤں نے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون، طلائی زیورات اور موٹر سائیکلیں چھین لیں

قصور (محمد فیاض سندھو) ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ڈاکوؤں نے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون، طلائی زیورات اور موٹر سائیکلیں چھین لیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ الہ آباد کے علاقہ لیاقت ٹاؤن مین گیٹ سے عثمان ولد محمد رفیق سے عدنان ولد عبداللہ اور منیب ولد محمد اقبال نے موبائل فون اور 10 ہزار 600 روپے نقدی چھین لی۔ پولیس تھانہ کوٹ رادھا کشن کے علاقہ بھمبہ کلاں کے قریب سے ڈاکوؤں نے متا کوٹ رادھا کشن کے رہائشی محمد بلال ولد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وکلا برادری کے مسائل کے حل اور حقوق کے حصول کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں

ڈسٹرکٹ بار قصور کا پلیٹ فارم وکلا کے مسائل کے حل کیلئے بہترین ذریعہ ہے، کاشف اسلم چوہدری ایڈووکیٹ

قصور (محمد فیاض سندھو) وکلا برادری کے مسائل کے حل اور حقوق کے حصول کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ ڈسٹرکٹ بار قصور کا پلیٹ فارم وکلا کے مسائل کے حل کیلئے بہترین ذریعہ ہے اور ڈسٹرکٹ بار وکلا کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار معروف قانون دان و سابق جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار کاشف اسلم چوہدری ایڈووکیٹ نے مقامی صحافی محمد شفیق بھٹی سے اپنے چیمبر میں گفتگو کے دوران کیا۔ کاشف اسلم چوہدری نے کہا کہ ہم اپنے وکلا ساتھیوں کی فلاح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

عالمی بدعنوانی انڈیکس میں پاکستان کی درجہ بندی میں بہتری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی بدعنوانی انڈیکس میں پاکستان کا مجموعی اسکور ایک پوائنٹ بڑھ کر 28 ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں ملک عالمی سطح پر 136 ویں نمبر پر آ گیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اساتذہ اور دیگر صوبائی ملازمین کا مطالبات کیلئے دھرنا

دھرنا اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ہمارے مطالبات منظور نہیں ہو جاتے، مظاہرین

کوٹرادھا کشن (عبدالرزاق بلیٹی) اساتذہ اور دیگر صوبائی ملازمین کا مطالبات کے لیے دھرنا۔ پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین سمیت صوبے کے دیگر محکموں کے ملازمین نے بڑی تعداد میں اپنے مطالبات کے لیے سول سیکرٹریٹ کے سامنے دھرنا دے رکھا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستان پیپلز پارٹی سولر صارفین کیلئے متعارف کروائی گئی نئی نیٹ میٹرنگ پالیسی کی سخت مذمت کرتی ہے

اس سے متعلق جاری کردہ نوٹیفکیشن کو فوری طور پر واپس لیا جائے، عمران حبیب سرویا

کاموں کے: عمران حبیب سرویا

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) پاکستان پیپلز پارٹی سولر صارفین کیلئے متعارف کروائی گئی نئی نیٹ میٹرنگ پالیسی کی سخت مذمت کرتی ہے، اس سے متعلق جاری کردہ نوٹیفکیشن کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی ضلع گوجرانوالہ عمران حبیب سرویا نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی تمام پالیسیاں کسان دشمن، مزدور دشمن اور ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے پر تلی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سولر صارفین کو ریلیف دینے کے بجائے ان پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ہفتہ وار محفل نعت استانہ عالیہ جامع مسجد گلزار مدینہ میں منعقد ہوئی

محفل پاک کی صدارت صاحبزادہ مستنصر مجاہد صدیق نقشبندی سجادہ نشین استانہ عالیہ گلزار مدینہ نے فرمائی

گجرات (قاری غلام سرور نقشبندی) ہفتہ وار محفل نعت استانہ عالیہ جامع مسجد گلزار مدینہ میں 9 فروری 2026 بروز سوموار بعد از نماز مغرب تا نماز عشا منعقد ہوئی۔ محفل پاک کی صدارت صاحبزادہ مستنصر مجاہد صدیق نقشبندی سجادہ نشین استانہ عالیہ گلزار مدینہ نے فرمائی۔ محفل کا آغاز تلاوت قرآن پاک ختم خواجگان اور شجرہ شریف سے شروع ہوا۔ ختم خواجگان پیر صاحب نے پڑھایا۔ شجرہ شریف محمد سلیم نقشبندی اور محمد عاصم رضا نے پڑھا۔ نقابت کے فرائض محمد سلیم نقشبندی سیکرٹری گلز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سنگین وارداتوں میں ملوث 3 ملزمان مارے گئے

5 پولیس مقابلے

موٹر سائیکلیں ناجائز اسلحہ منشیات برآمد

ناجائز اسلحہ 'منشیات 'موٹر سائیکلیں برآمد 'سی پی او کا نوٹس 'ایس پیز سے رپورٹ طلب 'فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں

گوجرانوالہ (کرائم رپورٹر) پانچ پولیس مقابلے 'سنگین وارداتوں میں ملوث 3 ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارے گئے 4 'ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار 'ناجائز اسلحہ 'منشیات 'موٹر سائیکلیں برآمد 'سی پی او کا نوٹس 'ایس پیز سے رپورٹ طلب 'فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں 'تھانہ لدھیوالہ وڑائچ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ کے دوران راہزنی 'اقدام قتل اور دوران واردات شہریوں کو زخمی کرنے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

صدر زرداری کا ازبکستان کے ساتھ خوراک و زراعت سمیت اہم شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ازبکستان کے ساتھ خوراک و زراعت، معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیاحت، صحت اور بینکاری سمیت اہم شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایوف کے حالیہ تاریخی اور نتیجہ خیز سرکاری دورہ پاکستان کے ثمرات پر موثر عملدرآمد کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اللہ والا چوک کے مقام پر بنایا گیا سی ایم کاٹ بازار (ریڑھی بازار) میں ریڑھیاں لگا دی گئیں

ریڑھیوں کی ترتیب اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین پیرزادہ اور سی ای او عمیر دلدار کی موجودگی میں ہوئی

وزیر آباد (محمد شبیر) اللہ والا چوک کے مقام پر بنایا گیا سی ایم کاٹ بازار (ریڑھی بازار) میں ریڑھیاں لگا دی گئیں، ریڑھیوں کی ترتیب اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین پیرزادہ اور سی ای او عمیر دلدار کی موجودگی میں ہوئی تفصیلات کے مطابق وزیر آباد اللہ والا چوک کے مقام پر بنایا گیا سی ایم کاٹ بازار (ریڑھی بازار) میں ریڑھی بازار (ایم سی بازار کے آغاز کی تیاریاں شروع کرتے ہوئے روڈ کے کنارے پر خوبصورت 36 کے قریب ریڑھیاں لگا دی گئی، اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین پیرزادہ کا کہنا تھا کہ سی ایم پنجاب کے ویژن کے مطابق ریڑھی بازار میں ریڑھی بان باعزت طریقے سے اپنے بچوں کا رزق کما سکیں گے یہ وہ لوگ ہے جو سڑکوں کے کنارے ریڑھیاں لگا کر ٹریفک کی روانی کو خلل پیدا کرتے ہیں ان کو یہ ریڑھیاں فری فراہم کی جا رہی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

آئی جی پنجاب کے احکامات پر پولیس لائن اٹک میں پولیس افسران کے لیے اخلاقیات و نظم و ضبط سے متعلق ورکشاپ کا انعقاد

اٹک (راضی خان سے) آئی جی پنجاب کے احکامات پر پولیس لائن اٹک میں پولیس افسران کے لیے اخلاقیات و نظم و ضبط سے متعلق ورکشاپ کا انعقاد تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس لائن اٹک میں Behavior and Discipline Training Workshop کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی نے 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے میں غیر حاضری پر علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ سماعت کے دوران علیمہ خان اور انکے وکیل عدالت پیش نہیں ہوئے، غیر حاضری پر علیمہ خان کیناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

علم دوست احباب اللہ آباد کے زیر اہتمام معروف مذہبی و ادبی رائٹر مولانا عبدالمنان معاویہ کی نئی شائع ہونے والی تصنیف "شعور دین" کی تقریب رونمائی پریس کلب اللہ آباد میں کی گئی

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) علم دوست احباب اللہ آباد کے زیر اہتمام معروف مذہبی و ادبی رائٹر مولانا عبدالمنان معاویہ کی نئی شائع ہونے والی تصنیف "شعور دین" کی تقریب رونمائی پریس کلب اللہ آباد میں کی گئی، سنیئر صحافی عبدالخالق بھٹی نے کہا کہ صحت مند معاشرہ اپنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان
ABC
سرپرست چوہدری سمیع اللہ رباز
چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو
چیف ایڈیٹر سید صادق علی شاہ
لیگل ایڈوائزر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ
چوہدری ایڈیٹر عابد سیعد گل

دل ہوا بو کاٹا

خبریں اچھی نہیں ہیں۔ بلوچستان زخموں سے چور ہے۔ پختونخوا میں لوگ برفانی راتوں میں ہجرت کر رہے ہیں۔ ہزاروں گھرانوں کے چولہے گل پلازہ کے سیاہ ملبے میں دب گئے ہیں۔ ترلائی امام بارگاہ پر پڑے خون کے دھبے تازہ ہیں۔ نائن الیون کے بعد سے یہی سانحے ہیں اور ایسے ہی حادثے ہیں۔ خوشی کی خبر ہے نہ جشن کا کوئی سامان۔ اب تو جشن کا سلیقہ بھی ہم بھول گئے۔ سوگ، ماتم اور اونچی آوازوں نے ہماری جمالیاتی حس کو متاثر کر دیا ہے۔ بھلی آواز سماعت پر بھاری گزرتی ہے۔ گلابی رنگ آنکھ کو عجیب سا لگتا ہے۔ خوشی کی خبر سے جی گھبراتا ہے۔ تہوار پریشان کرتے ہیں۔ عالم یہ ہے کہ اب کسی کا تہوار پسند کرتے ہیں نہ اپنا تہوار مناتے ہیں۔ لے دے کر ایک عید بچی ہے، مگر عطر و چراغ اور رنگ و سہو کا اب اس سے کیا لینا دینا۔ مجبوری کے دو جبدے، سنسان سڑکیں، مرجھائے ہوئے چہرے، پھیکی چھٹیاں اور بس؟ زندگی نشانے پر ہو تو تہوار مر جاتے ہیں۔ ایسے میں خوشی کا اظہار مزاحمت بن جاتا ہے۔ تہوار بھی تہوار ہوا کرتے تھے، مگر اب تہوار مزاحمت ہے۔ جشن اور رقص بھی مزاحمت ہے۔ لعل شہباز قلندر کے مزار پر جس دن خودکش حملہ ہوا تھا، اسی شام شیما کرمانی نے مزار کے احاطے میں ڈھول کی تھاپ پر رقص کیا تھا۔ یہ رقص نہیں تھا، یہ تلوار کی نوک پر کھڑے ہو کر نفرت کو چیلنج کرنے کی جرات تھی۔ یہی جرات اس استاد نے دکھائی تھی جو مالاکنڈ یونیورسٹی میں اپنے طلبا کے ساتھ رقص کر رہا تھا۔ جب رباب کی جگہ ہاتھوں میں بندوق دیدی گئی ہو تب انٹو کرنا لگژری نہیں ہوتا، سوال ہوتا ہے۔ جس شہر میں نفرت کی ہوائیں چلائی گئی ہوں وہاں بسنت منانا اور پتنگ اڑانا بھی مزاحمت بن جاتا ہے۔ لاہوریوں کو سلام کہ بیس برس بعد انہوں نے ہمیں پتنگوں والا آسمان دکھایا، مگر جشن کی تقریبات منسوخ نہیں ہونی چاہیے تھیں۔ جس طاقت کے ساتھ موت حملہ آور تھی اسی طاقت کے ساتھ زندگی کو سراہا جانا چاہیے تھا۔ عرش ملسیانی نے یہی تو کہا تھا۔ اس حال میں جینا لازم ہے جس حال میں جینا مشکل ہے۔ بسنت کوئی میلہ نہیں تھا۔ عشروں بعد یہ زندگی کو ٹریک پر ڈالنے کی ایک مشق تھی۔ ایک دوسرے کے کندھوں پر چڑھ کر لوگوں نے اربوں روپے کی پتنگیں نہیں خریدیں، خوشیاں خریدی ہیں۔ آخری بار جوش خروش کے ساتھ یوں قطار میں لگ کر لمحے خریدتے ہوئے کسی نے کسی کو دیکھا ہو تو بتائے۔ یہ وہی شہر ہے جہاں اس طرح کے ہجوم افواہوں پر نکلتے تھے۔ ایک آواز پر ہجوم یوحنا آباد اور جوزف کالونی کو راکھ کا ڈھیر بنا دیتے تھے۔ استاد، سیاست دان اور وکیل کے سینے میں گولی اتارنے والے کو کندھوں پر اٹھا لیا جاتا تھا۔ لوگ دائرے بنا کر شہری کو سنگسار کرتے تھے، نعرے لگاتے تھے اور تسلی سے اس کی ویڈیو بناتے تھے۔ تھانوں اور کچہریوں کا گھیراؤ کرتے تھے۔ یہی انٹرٹینمنٹ تھی، یہی جشن تھا اور یہی مصروفیت تھی۔ کتنے برسوں بعد یہ منظر دیکھنے کو ملا کہ لوگ جشن کا عنوان باندھ کر کسی سرگرمی کیلئے نکلے تھے۔ ان کا اتاولا پن بتا رہا تھا کہ وہ کسی چیز کی کمی محسوس کر رہے تھے۔ یہ خوشی، جشن اور رواداری کی کمی تھی۔ نفرت کا بازار لگ جائے تو لوگ نفرت ہی کا سکہ چلانے پر مجبور ضرور ہوتے ہیں مگر محبت کی کمی وہ محسوس کرتے ہیں۔ محبت کہیں کسی موڑ پر مل جائے تو وہ بے قابو ہو جاتے ہیں۔ خوشی اور محبت کے یہ رنگ تہذیب سے جنم لیتے ہیں۔ تہذیب کا کینوس وسیع ہوتا ہے۔ وہ سارے ہی رنگوں کو اپنے کینوس میں سما لیتا ہے۔ اس کی واردات بھی باریک ہوتی ہے۔ وہ عقیدوں سی جڑی ہوئی مختلف روایتوں کو کسی ایک دھاگے سے جوڑ کر جڑت کے اسباب پیدا کرتا ہے۔ بسنت اول اول ہندوؤں کی روایت ہوتی ہے۔ وہ دیوی دیوتاؤں پر گیندے کے پھول چڑھاتے ہیں۔ امیر خسرو بھی پھول اٹھا کر خواجہ نظام الدین اولیا کی جھولی میں ڈال کر عرب یار توری بسنت منائی گنگناتے ہیں تو بسنت تہذیبی تہوار کا روپ دھار لیتا ہے۔ یہ تہوار راجیش کمار، غلام رسول اور گرمیت سنگھ کو ایک لڑی میں پرو دیتا ہے۔ تہذیب کے کینوس پر کوئی خون تھوک دے تو خالی جگہ پر کرنے کیلئے گروہی عصبیتیں آگے آ جاتی ہیں۔ سچ یہ ہے کہ عصبیتوں کو یہاں باقاعدہ سوچ سمجھ کر راستہ دیا گیا۔ بہت بڑا سرمایہ لگا کر مذہب کارڈ کو ہماری سیاست میں دوبارہ سے فعال کیا گیا۔ مذہب سے کوئی گلہ نہیں، مگر سیاست میں مذہب کارڈ کے بے دریغ استعمال نے ہمارے پندرہ برس ضائع کر دیے۔ اگلی دہائی کی طرف بڑھتی ہوئی گاڑی کو پچھلی دہائی کی طرف دھکیل دیا گیا۔ تکثیریت کو فروغ مل رہا تھا، تکفیریت کو پروان چڑھا دیا گیا۔ پھر اس سب کے ہم عادی بھی ہو گئے۔ اس قدر عادی ہو گئے کہ اب بسنت سرکاری سطح پر منائی جائے تو شکایت کرتے ہیں کہ بسنت کو سیاسی کارڈ کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس کارڈ کو ہماری سیاست میں ایک مثبت اضافے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے تھا۔ سیاست میں وہی کارڈ استعمال ہونا چاہیے جس کا تعلق تعمیر، ترقی، خوشی اور زندگی کے ساتھ ہو۔ اگلی بار کسی اور جماعت کی حکومت آئے تو اسے چاہیے کہ وہ بسنت میں پچھلی حکومت کو مات دینے کی کوشش کرے۔ مات دینے کا طریقہ یہ نہیں ہے کہ بسنت پر ہی پابندی لگا دی جائے۔ طریقہ یہ ہے کہ بسنت کو پورے ملک میں پھیلا دیا جائے۔ مزید ایسے تہواروں کو زندہ کر دیا جائے جو زندگی موت کی جنگ میں نظر انداز ہو گئے ہیں۔ بہت زمانے پہلے جب نظریاتی سرحدیں بچھائی گئیں تو ہمیں چھوٹی چھوٹی کچھ باتیں پڑھائی گئیں۔ جیسے ہمیں پڑھایا گیا کہ انسانیت، تہذیب، ثقافت، زبان اور تاریخ ایک ہونے سے کچھ نہیں ہوتا، رواداری کیلئے عقیدے کا ایک ہونا ضروری ہے۔ ہمارے آج کے بڑے المیوں کے پیچھے یہی چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں۔ بسنت چھوٹی سی ایک خوشی ہوگی، مگر یہ خوشیاں ہمیں مستقل بنیادوں پر واپس ملنی چاہئیں۔ یہ معمولی خوشیاں نہیں ہیں۔ یہی خوشیاں ایک دن ہمارے مزاج کو سنواریں گی۔ نفرت کو جب سرکار نے اسپانسر کیا تو اداسی ہال کھول کر ہمارے گھر کی دیواروں پر لیٹ گئی تھی۔ اب سرکاری محبت کو اسپانسر کرے گی تو خوشی کو ہمارے گھر کا پتہ ملے گا۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا محمد صہیب اشرف کی ضلع بھر کے پولیس افسران سے خصوصی میٹنگ

سینئر افسران کی جانب سے موصول ہونے والی ہدایات پر بریفنگ دی

سرگودھا جھاوریاں (راجہ فیاض) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا محمد صہیب اشرف کی ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، محرران، ٹریفک سٹاف، فرنٹ ڈیسک، پولیس خدمت مراکز سٹاف، پولیس خدمت کاونٹرز سٹاف اور لیڈیز فورس سٹاف کے ساتھ میٹنگ، سینئر افسران کی جانب سے موصول ہونے والی ہدایات پر بریفنگ دی، ڈی پی او سرگودھا نے تمام سٹاف، بالخصوص فرنٹ ڈیسک، خدمت مراکز اور تھانہ جات کے عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ تھانہ میں آنے والے ہر شہری کے ساتھ انتہائی خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آیا جائے۔ عوام کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہو۔ لیڈیز افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ تھانہ جات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

تھانہ شاہ پور صدر پولیس کی ایک اور کامیاب کارروائی

شاہپور سرگودھا (راجہ فیاض) منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، تھانہ شاہ پور صدر پولیس کی ایک اور کامیاب کارروائی، منشیات فروش عتیق الرحمٰن گرفتار سرگودھا: ایس ایچ او تھانہ شاہ پور صدر محمد عاصم کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے منشیات کے سوداگروں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے دورانِ چیکنگ منشیات فروش عتیق الرحمٰن کو قابو کر لیا، جس کے قبضے سے 1 کلو 150 گرام چرس برآمد کر کے اسے فوری طور پر حراست میں لے لیا گیا۔ ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او سرگودھا کا کہنا ہے کہ سرگودھا کو منشیات جیسی لعنت سے پاک کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ جرائم پیشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

بھارتی قیادت بالادستی کا فضول شوق ترک کرے، اتوار کو پاک-بھارت میچ پرجوش ہوگا: لیاقت بلوچ

لاہور (نیوز ڈیسک) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے ترلائی اسلام آباد، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملوں پر بلوچستان، اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کے قائدین سے منصورہ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد اسلام، مسلمان، پاکستان کے دشمن ہیں۔ پاکستان کو غیر مستحکم کرنا پاکستان کے دشمنوں کا ایجنڈا ہے۔ دہشت گردوں اور دہشت گردی کے ماسٹر مائنڈ کا مذہب اور انسانیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

کرکٹ سفارتکاری کی جیت، کولمبو میں پاکستان بھارت معرکے کی تیاریاں

آئی سی سی کی ساکھ داؤ پر: پاکستان کے بغیر کرکٹ نامکمل، بھارت کے خلاف میچ کا میدان سج گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان اور بھارت کے میچ کی تیاریاں شروع ہو گئی ہیں یہ میچ اتوار کو کولمبو میں ہوگا حکومتِ پاکستان نے قومی کرکٹ ٹیم کو آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت کے خلاف میچ کھیلنے کی اجازت دے دی ہے۔ ادھر بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے پاکستان سے ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت کے خلاف میچ کھیلنے کی باضابطہ درخواست کی تھی۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کی جانب سے جاری بیان میں پی سی بی چیئرمین کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا گیا کہ مشکل وقت میں پاکستان نے بنگلہ دیش کرکٹ کا بھرپور ساتھ دیا، اس لیے پاکستان سے درخواست ہے کہ وہ بھارت کے خلاف ورلڈ کپ میچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پی ایچ پی کرانی والا میں ٹریفک سیفٹی آگاہی لیکچر کا انعقاد

ٹریفک قوانین پر عمل درآمد سے حادثات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے اور قیمتی جانوں کا تحفظ ممکن ہے

چونیاں (نواب یاور حسین اسدی) پنجاب ہائی وے پولیس) پی ایچ پی (کرانی والا کی جانب سے ٹریفک سیفٹی کے حوالے سے آگاہی لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ لیکچر سب انسپکٹر آصف صاحب نے دیا جس میں شہریوں اور ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال، رفتار کی پابندی اور محفوظ ڈرائیونگ کے اصولوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سب انسپکٹر آصف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

نوجوانوں کا دینی تعلیم کی طرف راغب ہونا خوش آئند ہے

عالم اسلام کو ایسے ہی جذبے اور ولولے کی ضرورت ہے، رضا ثاقب مصطفائی

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) اسلامی سکالر سربراہ ادارہ مصطفے رضا ثاقب مصطفائی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کا دینی تعلیم کی طرف راغب ہونا خوش آئند ہے عالم اسلام کو ایسے ہی جذبے اور ولولے کی ضرورت ہے۔ دینا بھر میں کھویا مقام حاصل کرنے کے لئے مسلم دنیا کو اپنی صفوں میں چھپے یہودی ایجنٹوں کو نکالنا ہوگا اگر ہم دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کو اپنا مقصد بنا لیں تو تمام معاشی مسائل حل ہو جائیں گے، طلبا کی حوصلہ افزائی سے ان میں آگے بڑھنے کا جذبہ مزید پروان چڑھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر سید عرفان شاہ کے صاحبزادے فیض الحسن شاہ کے تکمیل درس نظامی کے بعد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں حافظ حماد بٹ، ایم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

تعلیم کی فراوانی، تربیت کا قحط



تحریر: عاصم نواز طاہر خیلی

کسی بھی معاشرے کی حقیقی اساس اینٹ پتھروں سے بنی بلند و بالا عمارتیں، کشادہ سڑکیں یا جدید ٹیکنالوجی نہیں ہوتی، بلکہ اس کی اصل بنیاد وہ اخلاقی قدریں اور انسانی رویے ہوتے ہیں جو ایک ہجوم کو 'قوم' بناتے ہیں۔ تاریخِ عالم کا مطالعہ بتاتا ہے کہ جس قوم نے عدل، سچائی، امانت اور اخلاقِ حسنہ کو اپنا شعار بنایا، وقت کی موجوں نے اس کا راستہ چھوڑ دیا، اور جہاں اخلاقی انحطاط نے ڈیرے ڈالے، وہاں مادی ترقی کے باوجود زوال کی دیمک اسے اندر سے چاٹ گئی۔ مشہور مفکر ابنِ خلدون نے اپنی معرکہ آرا تصنیف 'مقدمہ' میں اسی آفاقی سچائی کی طرف اشارہ کیا ہے کہ دنیا میں عروج حاصل کرنے والی قوم ہمیشہ بلند اخلاق کی مالک ہوتی ہے، جبکہ برے اخلاق کی حامل قوم صفحۂ ہستی سے مٹ جاتی ہے یا غلامی کی ذلت میں ڈھل جاتی ہے۔ آج اگر ہم اپنے گریبان میں جھانکیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہم اخلاقی دیوالیہ پن کی اس نہج پر پہنچ چکے ہیں جہاں خیر و شر کی تمیز مٹتی جا رہی ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ معاشرہ افراد کے مجموعی کردار کا آئینہ ہوتا ہے اور آج اس آئینے پر کرپشن، جھوٹ اور مفاد پرستی کی گرد جمی ہوئی ہے۔ آج کے دور کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں تعلیم کی فراوانی تو ہے مگر تربیت کا کال پڑ چکا ہے۔ ہماری ڈگریوں نے ہمیں روزگار کے طریقے تو سکھا دیے، مگر انسان کے ساتھ انسان بن کر رہنے کا قرینہ بھلا دیا۔ اگر ہم اپنے اردگرد طائرانہ نظر ڈالیں تو اخلاقیات کا جنازہ نکلتا دکھائی دیتا ہے۔ حسد اور بخیلی کا یہ عالم ہے کہ سگا بھائی دوسرے بھائی کی خوشحالی دیکھ کر کڑھتا ہے۔ ہم اس نبی ﷺ کے امتی ہونے کے دعویدار ہیں جنہوں نے فرمایا تھا کہ وہ مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کر سوئے اور اس کا پڑوسی بھوکا ہو، مگر آج ہمیں اپنے محلے میں سسکتی زندگیوں اور فاقہ زدہ بچوں کی کوئی فکر نہیں۔ ایک طرف غریب کی بیٹی جہیز کی لعنت اور سفید پوشی کے بھرم میں اپنے باپ کے گھر بوڑھی ہو جاتی ہے، تو دوسری طرف معاشرے کے صاحبِ ثروت افراد کی نمائش اور فضول خرچی کا بازار ٹھنڈا نہیں ہوتا۔ ہمارے چہروں پر مصنوعی مسکراہٹوں کا راج ہے، جبکہ دلوں میں بغض، عداوت اور بے حسی کے اندھیرے اتنے گہرے ہو چکے ہیں کہ نورِ ایمانی کی کوئی کرن وہاں جگہ نہیں پا رہی۔ سوشل میڈیا نے تو منافقت کے نئے باب کھول دیے ہیں۔ فیس بک اور واٹس ایپ پر زہد و تقویٰ اور اخلاقیات کے ایسے نسخے بانٹے جاتے ہیں کہ گماں ہوتا ہے شاید ماضی کے صوفیا بھی ان کے سامنے طفلِ مکتب ہوں۔ خاص طور پر صنفِ مخالف سے گفتگو کے دوران اخلاق کا ایسا لبادہ اوڑھا جاتا ہے کہ حقیقت مٹ کر رہ جاتی ہے۔ لیکن جوں ہی موبائل کی سکرین سے باہر اصل زندگی میں قدم رکھیں، تو معاملات بالکل برعکس نظر آتے ہیں۔ دولت کی دوڑ میں انسانیت دم توڑ رہی ہے۔ رشتوں کا تقدس اس قدر پامال ہو چکا ہے کہ جائیداد کی خاطر بہنوں کا حق مار لیا جاتا ہے اور پانچ وقت کے نمازی بھی یتیم بھتیجوں کا مال ایسے ہضم کر جاتے ہیں جیسے انہیں کبھی مرنا ہی نہ ہو۔ معاشرتی پستی کا یہ سفر اب گھر کی دہلیز پار کر کے 'ٹچ موبائل' کی صورت میں اس تنہائی تک پہنچ چکا ہے جس نے حیا کے پردے چاک کر دیے ہیں۔ آج منگنی کے بعد بے تکلفی کی تمام حدیں عبور کر لی جاتی ہیں، مگر نکاح کا مقدس بندھن معمولی باتوں پر ٹوٹ جاتا ہے، جو ظاہر کرتا ہے کہ ہم نے رشتوں کو کچے دھاگے سے بھی کمزور بنا دیا ہے۔ عورت اگر غریب ہے تو اسے تحفظ دینے کے بجائے اس کی مجبوری کی قیمت لگائی جاتی ہے۔ دوسری طرف، مسجدیں فرقوں میں بٹی ہوئی ہیں، عقائد کو رزق کا ذریعہ بنا لیا گیا ہے اور محافظ ہی لٹیروں کا روپ دھار چکے ہیں۔ سکول، ہسپتال، کچہری یا بازار ہر جگہ سے دیانت رخصت ہو چکی ہے اور ضمیر کی آواز مصلحتوں تلے دب گئی ہے۔ اس بھیانک تصویر کے باوجود، امید کا دامن تھامنا ضروری ہے۔ ہمیں یاد رکھنا ہوگا کہ معاشرے کی اصلاح کا کام اوپر سے نہیں بلکہ نیچے سے، یعنی ہماری اپنی ذات سے شروع ہوتا ہے۔ ہمیں دنیا اور آخرت کی سرخروئی کے لیے دوبارہ ان اخلاقی اصولوں کو زندہ کرنا ہوگا جو اسلام کی روح ہیں۔ قرآنِ کریم کی تعلیمات اور حضور اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ وہ مشعلِ راہ ہے جو اس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں بھی ہمیں صراطِ مستقیم دکھا سکتی ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کی ڈگریوں کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت پر توجہ دینی ہوگی اور حلال و حرام کی تمیز کو دوبارہ رواج دینا ہوگا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی اور اپنے معاشرے کی اصلاح کی توفیق دے اور ہمیں ایک ایسی قوم بنائے جو اخلاق اور کردار میں پوری دنیا کے لیے مثال ہو۔ آمین ثم آمین۔

شوبز نیوز

ناول اور ڈرامہ نگاری کا بڑا نام فاطمہ ثریا بجیا کو دنیا چھوڑے 10 برس بیت گئے

کراچی (شوبز ڈیسک) ناول نگاری اور ڈرامہ نگاری کا بڑا نام فاطمہ ثریا بجیا کو دنیا سے رخصت ہوئے 10 برس بیت گئے۔ انہوں نے ٹیلی ویژن کے علاوہ ریڈیو اور سٹیج پر بھی کام کیا جبکہ سماجی اور فلاحی حوالے سے بھی ان کے کام قابلِ قدر ہیں، ان کا خاندان بھی ادبی دنیا میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ یکم ستمبر 1930ء کو حیدرآباد دکن میں پیدا ہونے والی فاطمہ ثریا بجیا مقبول ترین ڈرامہ رائٹر تھیں، ان کے لکھے گھریلو ڈرامے ہر دور میں سب کی پسند رہے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ان کی ٹیلی وژن کی دنیا میں آمد محض اتفاقاً ہوئی تھی جب 1966ء میں کراچی جانے کے لئے ان کی فلائٹ تعطل کا شکار ہوئی تو وہ اسلام آباد پی ٹی وی سینٹر کسی کام سے گئیں وہاں سٹیشن ڈائریکٹر آغا ناصر نے ان سے اداکاری کے ذریعے پہلا کام کروایا اس کے بعد انہوں نے ڈرامہ نگاری کے ذریعے اس ادارے سے اپنا تعلق مضبوط کیا۔ ان کے بیشتر ڈرامے جیسے شمع، افشاں، عروسہ اور انا بہت بڑی کاسٹ اور بڑے خاندانوں کے مسائل کی بہترین عکاسی کرتے رہے ہیں جبکہ انارکلی، زینت، آگہی، بابر اور سسی پنوں ان کے مقبول ترین ڈراموں میں سے چند نام ہیں۔ 1997ء میں ان کو حکومت پاکستان کی طرف سے تمغہ حسن کارکردگی سے نوازا گیا اس کے علاوہ انہیں کئی قومی اور بین الاقوامی اعزازات سے بھی نوازا گیا جن میں جاپان کا اعلیٰ سول ایوارڈ بھی شامل ہے، 2012ء میں ان کو صدر پاکستان کی طرف سے ہلال امتیاز سے نوازا گیا۔ انہوں نے سندھ حکومت کی مشیر برائے تعلیم کی حیثیت سے بھی خدمات سرانجام دیں جبکہ ان کے خاندان میں اور بھی مشہور شخصیات ادبی دنیا میں مصروف عمل ہیں جیسے کہ بھائیوں میں احمد مقصود اور انور مقصود، بہنوں میں سارہ نقوی، زہرہ نگاہ اور زبیدہ طارق شامل ہیں۔ ادب کا یہ روشن چراغ گلے کے کینسر میں طویل علالت کے بعد 10 فروری 2016ء و 86 برس کی عمر میں گل ہوا لیکن وہ اپنی تحریروں کی روشنی سے رہتی دنیا تک اخلاص کا یہ سبق پڑھا گئیں کہ احترامِ انسانیت کی خوشبو کبھی نہیں بجھتی۔

☆☆☆☆☆

بالی ووڈ خانز کیساتھ کام کا تجربہ کیسا رہا؟ رانی مکھرجی نے بتا دیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ رانی مکھرجی نے حالیہ انٹرویو میں بالی ووڈ کے تینوں معروف خانز سلمان خان، شاہ رخ خان اور عامر خان کے ساتھ کام کرنے کے تجربات سے پردہ اٹھایا ہے۔ 47 سالہ اداکارہ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ تینوں اداکار اپنے کام کے انداز میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔ رانی مکھرجی نے شاہ رخ خان کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر کردار میں بے پناہ توانائی لے کر آتے ہیں اور اپنی خواتین ساتھی اداکاراؤں کے ساتھ احترام اور خیال کا برتاؤ کرتے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے عامر خان کے کام کے انداز پر بات کرتے ہوئے ان کی بطور اداکار لگن کو سراہا۔ رانی کے مطابق عامر خان ہر شاٹ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں صرف کرتے ہیں اور ہمیشہ بہترین دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اداکارہ نے سلمان خان سے متعلق کہا کہ ان کا انداز دونوں سے مختلف ہے، سلمان اپنے مخصوص انداز اور اعتماد کے ساتھ سیٹ پر آتے ہیں، وہ بظاہر بہت بے فکری اور کیژول انداز اپناتے ہیں لیکن درحقیقت اپنے فن پر بہت محنت کرتے ہیں۔ رانی مکھرجی نے کہا کہ شاید آپ کو اندازہ نہیں ہوتا کیونکہ وہ کسی کو اس زون میں داخل نہیں ہونے دیتے کہ لوگ جان سکیں کہ وہ کتنی محنت کرتے ہیں۔ آخر میں اداکارہ نے کہا کہ تینوں خان اپنے اپنے مقام پر لیجنڈ ہیں، تاہم اپنے کام کے طریقہ؟ کار میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔ واضح رہے کہ رانی مکھرجی اور شاہ رخ خان نے متعدد فلموں میں ایک ساتھ کام کیا ہے، وہ عامر خان اور سلمان خان کے ساتھ بھی جلوہ گر ہو چکی ہیں۔

میزبان و گلوکارہ عکاشہ گل زندگی کی مشکلات بیان کرتے آبدیدہ ہو گئیں

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی میزبان و گلوکارہ عکاشہ گل اپنی زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا تذکرہ کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئیں۔ حال ہی میں عکاشہ گل نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جس کا مختصر ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے، جس میں وہ اپنی زندگی کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے جذباتی ہو گئیں۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے گلوکارہ نے بتایا کہ میں نے غربت دیکھی ہے، ہم ایک بہت چھوٹے سے کچے گھر میں رہتے تھے، جو عارضی طور پر بنایا گیا تھا، اس کی چھت اور بنیاد بھی مٹی کی تھیں جو بار بار خراب ہو جاتی تھیں، جس کی وجہ سے ہمیں اسے بار بار مرمت کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا گھر کچھ ایسا ہی تھا جیسے تقسیمِ ہند کے وقت سکھوں کے بنائے گئے گھر ہوتے تھے، یہاں تک کہ ہمارا صحن بھی کچا تھا، کیونکہ میرے والد ایک غریب آدمی تھے اور پکی تعمیر کے متحمل نہیں ہو سکتے تھے، تاہم برسوں کی جدوجہد کے بعد میں نے اب وہاں ایک بہت چھوٹا پکا گھر بنا لیا ہے۔ عکاشہ نے بتایا کہ غربت کے باوجود ہمیں کبھی بھوک کا سامنا نہیں کرنا پڑا، گھر میں ہمیشہ کھانے پینے کی اشیاء، پھل اور دودھ موجود رہتا تھا، مجھے نہیں معلوم میرے اہلِ خانہ میں سے کون اتنا خوش نصیب ہے جس کی وجہ سے ہمیں کبھی فاقہ نہیں کرنا پڑا، میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ اُس نے مجھ پر بے شمار نعمتیں نازل کیں۔ واضح رہے کہ عکاشہ نے مستیاں، خبرناک، شہر نامہ اور شوٹائم ود رمیز راجہ جیسے مقبول پروگراموں کے ذریعے شہرت حاصل کی ہے۔ اس کے علاوہ وہ نجی ٹی وی چینل کے پروگرام کی میزبانی بھی کر رہی ہیں، جہاں وہ پنجابی پسِ منظر رکھنے والی شخصیات کے انٹرویوز کرتی ہیں۔ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب پر بھی اُن کی خاصی مقبولیت ہے، ان کے سبسکرائبرز کی تعداد 1 لاکھ 14 ہزار سے زائد ہے، وہ اکثر اپنے گانے اور مختصر ویڈیوز شیئر کرتی رہتی ہیں۔

سپورٹس نیوز

ٹی 20 ورلڈ کپ: پاکستان کی مسلسل دوسری کامیابی، امریکا کو 32 رنز سے شکست

اسلام آباد (سپورٹ ڈیسک) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 میں پاکستان نے امریکا کو 32 رنز سے شکست دے کر ایونٹ میں مسلسل دوسری کامیابی حاصل کر لی۔ کولمبو میں کھیلے جانے والے اس میچ میں یونائیٹڈ اسٹیٹس آف امریکا (یو ایس اے) نے ٹاس جیت کر پاکستان کو پہلے بیٹنگ کرنے کی دعوت دی۔ گزشتہ ایونٹ کی شکست کے بعد پہلی مرتبہ آمنے سامنے آنے پر پاکستانی بیٹرز نے چھکوں چوکوں کے ساتھ اننگز کا آغاز کیا۔ صاحبزادہ فرحان اور صائم ایوب نے 5 اوورز میں ہی ٹیم کی ففٹی مکمل کی جس کیلیے صاحبزادہ فرحان نے 3 چھکے اور 4 چوکے لگائے جبکہ صائم نے 3 چھکے اور ایک چوکا لگایا۔ پاکستان کو پہلا نقصان 54 کے مجموعے پر اٹھانا پڑا جب صائم ایوب 17 گیندوں پر 19 رنز بنا کر آٹ ہوئے۔ جبکہ دو رنز کے اضافے کے بعد ایک رن بنانے والے کپتان سلمان علی آغا 56 کے مجموعے پر آٹ ہو گئے۔

☆☆☆☆

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ: پاکستان سے میچ پر بھارتی بورڈ کے نائب صدر خوش

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026ء میں بھارت کے خلاف میچ کھیلنے کے فیصلے پر بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا کا بھی موقف سامنے آ گیا۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے کہا ہے کہ آئی سی سی کے نمائندوں کے مذاکرات کے نتیجے سے خوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کو آئی سی سی کے چیئرمین نے سپروائز کیا، آئی سی سی کے نمائندے پی سی بی اور بنگلا دیش کرکٹ بورڈ سے بات چیت کے لیے لاہور گئے۔ راجیو شکلا کا کہنا ہے کہ کرکٹ کی اہمیت کو ترجیح دی گئی، باہمی رضامندی سے فیصلہ ہوا جو کہ اچھی بات ہے، مسئلے کے حل کے لیے آئی سی سی نے اقدامات کیے، جہاں تک آئی سی سی کا تعلق ہے یہ ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر نے کہا کہ 15 فروری کو میچ کا انعقاد ہونا ایک اچھی خبر ہے، پاکستان کھیلے گا یہ

بقیہ "عوامی دنیا" 1

موقع پر صفائی کے انتظامات ' کوڑا کرکٹ اٹھانے کے عمل اور سیوریج لائنوں کی حالت کا معائنہ کیا جبکہ سیوریج لائنوں کی ڈی سلٹنگ کے احکامات بھی جاری کیے گئے تاکہ نکاسی آب کے نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے صفائی ستھرائی اور سینی ٹیشن سروسز کو مزید بہتر بنانے کیلئے ضلع کونسل 'میونسپل کمیٹی 'پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ اور لوکل گورنمنٹ کے متعلقہ حکام کو واضح اور فوری نوعیت کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر انچارج شکایات سیل وزیراعلیٰ پنجاب مرزا محمد شعیب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے دیہات تک لایا گیا ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی کیلئے جامع پروگرام کامیابی کے ساتھ جاری ہے اور ستھرا پنجاب پروگرام ایک قابل تحسین منصوبہ ہے جسے ترقی یافتہ ممالک بھی اپنانے پر فخر کررہے ہیں۔ مرزا محمد شعیب نے کہا کہ میونسپل سروسز کے معیار کو بہتر بنا کر ہی عوام کے معیار زندگی میں حقیقی بہتری لائی جا سکتی ہے، حکومت پنجاب اس مقصد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ دریں اثناء، انچارج شکایات سیل وزیراعلیٰ پنجاب مرزا محمد شعیب نے کمشنر گوجرانوالہ اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے ہمراہ مریم نواز کلینک میتر انوالی کا بھی دورہ کیا انہوں نے کلینک میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات 'عملے کی حاضری' سروسز کے معیار کا جائزہ لیا اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی پر زور دیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر 'چیف آفیسر ضلع کونسل فیصل شہزاد 'ایکسین پبلک ہیلتھ رانا ابرار' ضلعی افسر سروسز محمد صائم 'ایم ڈی سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کاشف نواز رندھاوا سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 2

متعارف کرایا گیا یہ نظام عملی طور پر عوام کے لیے شدید ذہنی کوفت، مالی نقصان اور وقت کے ضیاع کا سبب بن رہا ہے۔ عدالتوں میں بائیو میٹرک تصدیق کے لیے محدود مشینیں، بار بار تکنیکی خرابی، انٹرنیٹ کی عدم دستیابی اور نادرا سے منسلک مسائل کے باعث روزانہ درجنوں سائلین کو خوار ہونا پڑتا ہے۔ بزرگ افراد، محنت کش طبقہ، خواتین اور دیہی علاقوں سے آنے والے شہری سب سے زیادہ متاثر دکھائی دیتے ہیں، جن کے انگوٹھوں کے نشانات بار بار مسترد ہونے کے باعث مقدمات کی سماعت ملتوی ہو جاتی ہے۔ سائلین کا کہنا ہے کہ بائیو میٹرک تصدیق نہ ہونے پر بعض اوقات غیر سرکاری افراد کے ذریعے مدد کے نام پر اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں، جو ایک نئے استحصالی نظام کو جنم دے رہا ہے۔ وکلا برادری نے بھی خدشہ ظاہر کیا ہے کہ بائیو میٹرک ڈیٹا کے تحفظ، شہریوں کی پرائیویسی اور انگوٹھوں کے نشانات کے غلط استعمال جیسے سنگین مسائل کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ عدالتی حکام اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بائیو میٹرک نظام کو مرحلہ وار، متبادل طریقہ کار کے ساتھ نافذ کیا جائے، مشینوں اور عملے کی تعداد بڑھائی جائے اور سائلین کو غیر ضروری اذیت سے بچانے کے لیے فوری اصلاحات کی جائیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 3

کیخلاف قانونی کارروائی کی جائیگی ڈسٹرکٹ آفیسر نے اپنے ٹیم انسپکٹرز کے ہمراہ شہر کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا جہاں تاجر نمائندوں سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی بارہا دفعہ پرنٹ میڈیا کے ذریعے عوام الناس کو آگاہ کیا جاچکا ہے کہ ایسے کنڈے اور باٹ جن کی تولنے کی گنجائش 20 کلوگرام تک ہے ان کی سالانہ پاسنگ فیس حکومت پنجاب نے ختم کردی ہے۔ اگر کوئی بھی بندہ کنڈے کی پاسنگ کی مد میں کسی دکاندار سے سرکاری فیس کا مطالبہ کرے تو فوراً متعلقہ ضلعی دفتر میں اطلاع دیں۔ اور اگر کوئی بھی شخص خود کو محکمہ کا نمائندہ یا ٹھیکیدار ظاہر کرکے سرکاری فیس وصول کرنے کی کوشش کرے تو فوراً اس نمبر پر اطلاع دیں یا متعلقہ تھانہ میں رپورٹ درج کروائیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 4

مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسین میثمی نے شیعہ علما کونسل پاکستان شمالی پنجاب کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات سید مظفر علی زیدی سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ سانحہ ترلائی دشمن اسلام کی سوچی سمجھی سازش اور کارستانی ہے جو ان کارروائیوں کے ذریعے وطن عزیز میں اتحاد امت کو پارہ پارہ کرکے مملکت خداداد کو ایک بار پھر فرقہ واریت کی آگ میں جھونکنا چاہتے ہیں، علامہ ڈاکٹر شبیر حسین میثمی نے کہا کہ پاکستان کی عوام یکجا ہو کر جمعہ کو یوم احتجاج میں ظلم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرکے ثابت کردیں کہ پاکستان میں امت مسلمہ یکجا اور متحد ہے اور مٹھی بھر دہشت گرد اور ان کے سہولت کار اس اتحاد امت کو پارہ پارہ نہیں کر سکتے، علامہ شبیر حسین میثمی نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ ملک میں دہشت گردی نے ایک بار پھر سے سر اٹھایا ہے جس کے محرکات میں دشمنان ملک وملت کے سہولت کاروں کی جانب سے تکفیری پست ذہنیت کے ذریعے فرقہ واریت کو ہوا دینا ہے لیکن حکومت اور انتظامیہ ایسے واقعات کو خاموش تماشائی بنی دیکھ رہی ہے جو کہ قابل مذمت ہے، انہوں نے سانحہ جامعہ خدیجۃ الکبریٰ کے واقعہ کو اسی مذموم کوشش کی کڑی قرار دیتے ہوئیاس سانحہ میں جانی ضیاع کو حکومت کا اپنے شہریوں کو دارالحکومت اسلام آباد میں بھی تحفظ دینے میں ناکامی قرار دیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ جلد از جلد واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروا کر واقعہ کے محرکات اور اس میں ملوث مجرموں کو بے نقاب کرے اور مجرموں سمیت تمام سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 5

ٹیوٹا اور سینئر ڈی جی کو ادارے میں دستیاب تعلیمی سہولیات، ورکشاپس، جدید مشینری اور مجوزہ ڈی اے ای ٹیکنالوجی کورسز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ڈی اے ای کورسز کے اجرا سے نوجوانوں کو جدید صنعتی تقاضوں کے مطابق معیاری فنی تعلیم اور عملی مہارتیں فراہم کی جائیں گی، جس سے نہ صرف روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوگا بلکہ ملکی صنعت کو بھی تربیت یافتہ افرادی قوت میسر آئے گی۔ جنیئر مین ٹیوٹا بریگیڈیئر) ر (محمد ساجد کھوکھر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوٹا کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو ہنر مند بنا کر خود کفیل بنانا ہے۔ ڈی اے ای ٹیکنالوجی کورسز کا آغاز اسی وژن کا تسلسل ہے تاکہ طلبہ کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق جدید تکنیکی تعلیم فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے ادارے کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے معیار تعلیم اور تربیت کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ سینئر ڈائریکٹر جنرل ٹیوٹا اختر عباس بھروانہ نے کہا کہ گورنمنٹ لائٹ انجینئرنگ سروس سینٹر گوجرانوالہ خطے میں فنی تعلیم کا ایک اہم ادارہ ہے اور یہاں ڈی اے ای کورسز کے آغاز سے فنی تعلیم کو نئی جہت ملے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ٹیوٹا صنعتی شعبے کے ساتھ روابط کو مضبوط بنا کر طلبہ کو عملی تربیت اور انٹرن شپ کے مواقع بھی فراہم کرے گا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر انجینئر محمد آصف صدیق نے معزز مہمانوں کو ادارے کے مستقبل کے منصوبوں، تعلیمی اہداف اور ڈی اے ای کورسز کے لیے تیاریوں سے آگاہ کیا اور ٹیوٹا قیادت کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ دورے کے اختتام پر ادارے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور امید ظاہر کی گئی کہ ڈی اے ای ٹیکنالوجی کورسز کے آغاز سے گوجرانوالہ اور گردونواح کے نوجوانوں کو فنی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 6

گزار ہوں اور یہاں کے لوگوں کی ملک کے ساتھ عقیدت کو سراہتی ہوں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سرفراز بگٹی موجودہ حالات میں بہت اچھا کام کر رہے ہیں، بلوچستان کے لئے پنجاب کے وسائل اور خدمات حاضر ہیں، بلوچستان کے عوام اور حکومت کے ساتھ شانہ بشانہ ہیں، دعا ہے کہ بلوچستان خوب آگے بڑھے، امن و امان اور خوشیوں کا گہوارہ بنے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ خوشی ہوگی کہ بلوچستان کے عوام کی خدمت کرسکوں، حوصلے اور استقامت کے ساتھ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبے کے معاملات چلا رہے ہیں، بلوچستان کو فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن میں ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دعا ہے کہ بلوچستان سے دہشت گردی کا جلد خاتمہ ہو، سکیورٹی کے لئے معاونت مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 7

رگنائزڈ کیا، محترمہ فاطمہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور سر آصف ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے بھی سپورٹس گالا پروگرام میں اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھایا مختلف کھیلوں پر مبنی سپورٹس گالا پروگرام صبح 9 بجے تا شام 5 بجے تک گلگھر سپورٹس کمپلیکس میں جاری رہا جس میں طلبہ و طالبات کے درمیان رسہ کشی، کرکٹ دوڑ۔ نیزہ تھرو۔ بیڈمنٹن کے مقابلے ہوئے سپورٹس گالا مقابلوں میں حصہ لینے والے طلبہ وطالبات نے اپنی ذہنی وجسمانی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پوزیشنیں حاصل کیں اور کھیل کے میدان میں حصہ لیکر صحت مند معاشرے کے فروغ کیلئے ایک مثبت پیغام دیا، چیئرمین محمد علی جناح لا کالج خالق الیاس ایل ایل ایم ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور پرنسپل لا کالج چوہدری امتیاز احمد خاں ایڈووکیٹ ہائی کورٹ سابقہ صدر بار وزیر آباد نے کھیلوں میں حصہ لینے والے طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں کھیلوں کے ذریعے صحت مند معاشرے کو پروان چڑھانے میں ایک احسن اقدام قرار دیا اور مقابلوں میں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبا وطالبات میں انعامات تقسیم کئے اور سپورٹس گالا کے زیر اہتمام کھیل کے میدان میں نمایاں کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس جیسے مقابلے ہر سال کروانے کا اعلان بھی کیا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 8

ی سکول ٹاہلی والا کو ہائیسٹ سکول کا درجہ ڈلوا دیا جس پر علاقہ کی معروف سیاسی سماجی شخصیت چوہدری جمشید سلطان گھمن ایڈووکیٹ اور اہلیان موقع ٹاہلی والا نے مسلم لیگی ایم این اے اور ایم پی اے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ ان کا علاقہ کے بچوں کے لیے انتہائی مثبت اقدام اور بہترین تحفہ ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 9

قلب دین سے گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن قصور کے علاقہ خادم آباد سے نامعلوم چور افضل علی ولد حاجی اصغر علی کے گھر کے تالے توڑ کر گھر سے 6 لاکھ روپے نقدی، 6 تولہ طلائی زیور چوری کرکے لے گئے۔ الہ آباد سے نامعلوم چور ماجد ولد بشیر آرائیں کے گھر کی دیوار پھلانگ کر 1 لاکھ 60 ہزار روپے نقدی اور 3 تولہ طلائی زیورات چوری کرکے لے گئے۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن قصور کے علاقہ نزد ڈرائیور ہوٹل قصور سے نامعلوم چور جناح کالونی گلی نمبر 2 قصور کے رہائشی ہمایوں پرویز ولد پرویز اقبال کی موٹر سائیکل چوری کرکے لے گئے۔ پولیس تھانہ الہ آباد کے علاقہ آبادی چوہدریاں گھمن بائی پاس سے نامعلوم چور آبادی چوہدریاں گھمن بائی پاس نزد نفیسہ ٹیکسٹائل ملز الہ آباد کے رہائشی مختار احمد ولد سردار علی کی موٹر سائیکل چوری کرکے لے گئے۔ پولیس تھانہ صدر قصور کے علاقہ بی بی ایس ایچ سے نامعلوم چور تھہ وڈانہ مصطفیٰ آباد کے رہائشی محمد عرفان ولد امانت علی کی موٹر سائیکل چوری کرکے لے گئے۔ پولیس مصروف کارروائی ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 10

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے کرپشن پرسیپشن انڈیکس (سی پی آئی) 2025 جاری کر دیا ہے، جس میں 2024 کے مقابلے میں پاکستان کے مجموعی اسکور میں ایک درجہ بہتری ریکارڈ کی گئی ہے اور اسکور بڑھ کر 28 تک پہنچ گیا ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل (ٹی آئی) کی منگل کو شائع ہونے والی 2025 کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ چار برسوں سے بہتر حکمرانی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے باعث اسکور میں بہتری کا رجحان برقرار ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں نہ صرف عوامی شعبے اور انتظامی بدعنوانی پر قابو پانے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے بلکہ قانون ساز اداروں اور عدلیہ میں پائی جانے والی بدعنوانی میں بھی کمی آئی ہے۔ عالمی بدعنوانی انڈیکس میں پاکستان جو 2024 میں 180 ممالک میں 135 ویں نمبر پر تھا، 2025 میں 182 ممالک میں 136 ویں نمبر پر آگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کا سی پی آئی (کرپشن پرسیپشن انڈیکس) اسکور بھی ایک پوائنٹ بڑھ کر 2024 میں 27 سے 2025 میں 28 ہوگیا ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے چیئرمین جسٹس ضیا پرویز نے کہا کہ اگرچہ پاکستان گورننس اور ادارہ جاتی اصلاحات میں قابلِ تحسین کوششیں کر رہا ہے، تاہم آئی ایم ایف کی گورننس اور بدعنوانی تشخیصی رپورٹ کی سفارشات پر مؤثر عملدرآمد ضروری ہے تاکہ آئندہ برسوں میں سی پی آئی میں پاکستان کی بہتری کا تسلسل برقرار رہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے مطابق پاکستان میں نہ صرف پبلک سیکٹر اور انتظامی بدعنوانی بلکہ قانون ساز اداروں اور عدلیہ میں بدعنوانی کے اعشاریوں میں بھی نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی، خصوصاً انتظامی بدعنوانی اور عدالتی کرپشن سمیت اہم اعشاریوں میں 5 پوائنٹس تک کی بہتری سامنے آئی ہے۔ رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ 2021 سے 2025 تک پاکستان میں بدعنوانی کے تاثر میں نمایاں کمی نوٹ کی گئی ہے اور گزشتہ 4 برس میں پاکستان کی پوزیشن میں 4 درجے بہتری آئی ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے مطابق پاکستان نے گزشتہ 4 سالوں میں بدعنوانی کے خاتمے کے لیے ٹھوس اور مربوط اقدامات کیے ہیں۔ اس سے قبل دسمبر 2025 میں ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان نے بھی اپنی سالانہ رپورٹ شائع کی تھی، جس کے مطابق 3 میں سے 2 شہریوں کو سرکاری اداروں میں کبھی بھی بدعنوانی یا بے ضابطگی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ کے مطابق 2024 کے مقابلے میں 2025 میں سروے کے دائرہ کار میں 2 مزید ممالک کو شامل کیا گیا، جس کے بعد 2024 میں 180 جب کہ 2025 میں 182 ممالک میں بدعنوانی کے تاثر کا جائزہ لیا گیا۔ برلن میں قائم ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے مطابق دنیا بھر میں بدعنوانی بڑھ رہی ہے، حتیٰ کہ مستحکم جمہوریتوں میں بھی قیادت میں کمزوری کے باعث بدعنوانی میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ 2025 کے اشاریے کے مطابق 80 سے زائد اسکور حاصل کرنے والے ممالک کی تعداد دس سال پہلے 12 تھی جو اس سال گھٹ کر صرف پانچ رہ گئی ہے، ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے عالمی سطح پر بدعنوانی کے تاثر کو زائل کرنے کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات پر زور دیا ہے جب کہ واضح کیا گیا ہے کہ گزشتہ 4 برس میں پاکستان ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے بدعنوانی کے تاثر میں 4 درجے نمایاں بہتری لانے میں کامیاب رہا ہے

بقیہ "عوامی دنیا" 11

و بہبود اور قصور بار کی ترقی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں، سابق ادوار میں جب وکلا ساتھیوں نے اپنا نمائندہ چنا تو اپنی خدمات کو احسن طریقے سے سرانجام دیا، اگر زندگی میں دوبارہ موقع ملا تو پھر اپنی صلاحیتوں اور خدمات کو وکلا بھائیوں کیلئے بروئے کار لاں گا۔ مظلوموں کا انصاف دلانے والا وکلا کا طبقہ خود کئی مسائل کا شکار ہے، یہ افسوس کا مقام ہے اور وکلا اپنے مسائل کے حل اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے ڈسٹرکٹ بار قصور کے پلیٹ فارم سے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں مگر حکومتی سطح پر وکلا برادری کیلئے دی جانیوالی سہولیات ناکافی ہیں۔ وکلا کو جانی ومالی نقصان کا خطرہ ہر وقت رہتا ہے مگر ان کی سیکورٹی کیلئے حکومتی سطح پر کوئی خاطر خواہ اقدامات نہ کیے گئے ہیں، اسی طرح چیمبرز کی الاٹمنٹ اور دیگر بہت سے مسائل وکلا کو درپیش ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مظلوموں کو انصاف دلانے کیلئے وکلا اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہیں جس کیلئے انہیں کئی چیلنجز کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ مظلوموں کو انصاف دلانے میں ہمارے کئی پرانے اور بوسیدہ قوانین بھی ہیں جن میں وقت کی ضرورت کے مطابق ترمیم اور اصلاح کی ضرورت ہے جس کیلئے گاہے بگاہے آواز اٹھاتے رہتے ہیں۔ وکلا اور صحافی اپنی جان پر کھیل کر مظلوموں کی آواز بنتے ہیں، حکومت کو چاہئے ان کو ہر ممکن سہولیات سمیت جانی و مالی تحفظ بھی فراہم کرے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 12

خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، سائیں شیر ابدال نے کہا کہ مرشد کی بارگاہ میں خواتین باحجاب ہوکر آئیں، ان کے سر کا ایک بال تک نہ دیکھا جائے، آپ مرشد سے مانگنے آئے ہیں اگر باادب ہوں گے تو بامراد ہوں گے اور بیادب ہوں گے تو رسوائی کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا، عطا کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے اور دین اسلام میں عورت کے لیے پردے کا حکم لازم قرار دیا گیا ہے، اگر اپنی آخرت بچانی ہے تو دینی تعلیمات پر عمل کریں تاکہ دنیا و آخرت دونوں میں کامیابی حاصل ہو سکے، انہوں نے کہا کہ ایک روایت ہے کہ سخی قلندر لال شہباز ایک علاقہ میں گئے تو ان کے پاس دودھ سے بھرا مٹکا پیش کیا گیا انہوں نے اس مٹکے پر پھول رکھ کر اسے واپس بھیج دیا پوچھا کہ یہ دودھ کیوں بھیجا گیا ہے تو جواب ملا کہ اولیا یہ بتانے کے لیے بھیجا گیا کہ اس علاقے میں پہلے بھی اولیا کرام ہے اور کسی کی ضرورت نہیں تو سخی لال شہباز قلندر نے کہا کہ میں نے پھول رکھ کر اس لیے بھیجا کہ ان اولیا کے لیے ایک پھول بن کر آیا ہوں، انہوں نے کہا کہ دنیا میں کسی بھی جگہ دیکھا جائے تو لال شہباز قلندر کا نعرہ لگاتا ہوا ملنگ ضرور ملے گا، سخی شہباز قلندر ہر انسان کے دلوں میں بستے ہیں اور ان کے مزار میں جا کر مانگی گئی مراد کبھی رد نہیں ہوتی۔

بقیہ "عوامی دنیا" 13

کہ نکلی نہ ہونے پر موبائل نیٹ ورک کمپنیاں بیٹریز، جنریٹر یا متبادل توانائی کے نظام کو فعال نہیں کرتیں، جس سے لاکھوں روپے ماہانہ وصول کرنے والی کمپنیاں اپنے منافع کو ترجیح دیتی ہیں اور صارفین کی سہولت کو نظر انداز کر دیتی ہیں۔ شہریوں کے لیے یہ صورتحال پریشانی کا باعث ہے کیونکہ وہ ہر لمحے غیر یقینی اور مشکلات کے رحم و کرم پر ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ موبائل سروس کو برقرار رکھنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر بیٹری بیک اپ اور جنریٹرز کا استعمال ناگزیر ہے۔ شہریوں نے حکومت اور متعلقہ کمپنیوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس مسئلے کا فوری حل نکالیں اور صارفین کے بنیادی حقوق کو یقینی بنائیں۔ صارفین کے مطابق اربوں روپے وصول کرنے والی کمپنیاں اپنے نظام میں متبادل توانائی کے انتظامات نہ کر کے عوام کو بے بس چھوڑ رہی ہیں، جبکہ شہری روزمرہ زندگی کے اہم امور میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے سخت اقدامات اور شفافیت کا مطالبہ کیا ہے تاکہ آئندہ ایسی صورتحال میں موبائل سروس متاثر نہ ہو۔

بقیہ "عوامی دنیا" 14

ہے حکومت پاکستان سے اپیل کرتے ہیں کہ ان دہشتگردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے ان کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے پوری قوم دہشتگردی کے خلاف افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس المناک واقعے میں شہید ہونے والے تمام افراد زخمیوں کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد وکامل شفا عطا فرمائے اور ہمارے ملک پاکستان کو امن اتحاد اور سلامتی عطا فرمائے

بقیہ "عوامی دنیا" 15

متعدد وارداتوں میں ملوث 2 ڈاکو حمزہ خان 'افتخار اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے جبکہ ان کے 2 ساتھی فرار ہوگئے دونوں ہلاک ملزمان نے ساتھیوں کے ہمراہ شہری سے واردات کی اور فرار ہونے کے دوران لدھیوالہ وڑائچ پولیس سے مقابلہ ہوا تھانہ تلے عالی کے علاقہ میں پولیس مقابلہ کے دوران راہزنی 'اقدام قتل' دوران واردات شہریوں کو زخمی کرنے اور پولیس مقابلہ جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ڈاکو علی رضا اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا جس کے تین ساتھی فرار ہوگئے۔ تھانہ دھلے کے علاقہ میں پولیس مقابلہ کے دوران موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزم دانش عرف ٹھسا پولیس پارٹی پر فائرنگ کے بعد فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں پکڑا گیا جس کے قبضہ سے چوری شدہ موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد ہوا تھانہ پیپلز کالونی کے علاقہ میں پولیس مقابلہ کے دوران 2 ریکارڈ یافتہ ڈاکو پولیس پارٹی پر فائرنگ کے بعد فرار ہوتے ہوئے کھمبے سے ٹکرا کر زخمی حالت میں گرفتار ہوئے ملزمان کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی تھانہ علی پور چٹھہ کی کارروائی کے دوران غنیمات 'راہزنی 'پولیس مقابلہ جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ملزم امانت علی پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے پلی سے ٹکرا کر زخمی حالت میں پکڑا گیا جس کے قبضہ سے 1500 گرام چرس برآمد ہوئی۔ سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان نے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ کرلی ہے جبکہ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے ڈی ایس پیز کی زیر نگرانی خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل دیدی گئی ہیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 16

ضرورت پر زور دیا ہے۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علیشر تخایف سے ایوانِ صدر میں ملاقات کے دوران کیا جنہوں نے ازبک صدر شوکت مرزیاوف کی جانب سے ایک خط بھی انہیں پیش کیا۔ اپنے خط میں ازبک صدر نے دورہ پاکستان کے دوران غیر معمولی مہمان نوازی اور پرتپاک استقبال پر صدر آصف علی زرداری، حکومتِ پاکستان اور پاکستانی عوام کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کے اعلیٰ ترین سول اعزاز نشانِ پاکستان اور اعزازی پروفیسر شپ و ڈاکٹریٹ عطا کئے جانے پر بھی اظہار تشکر کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے قریبی برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے ازبکستان کے صدر کے پاکستان کے حالیہ تاریخی اور نتیجہ خیز سرکاری دورہ کے ثمرات پر موثر عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اہم شعبوں میں ازبکستان کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پاکستان سے حلال گوشت، پھلوں اور آلو کی درآمد میں ازبکستان کی دلچسپی کو دوطرفہ تجارت کے فروغ کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا۔ صدر شوکت مرزیاوف نے اپنی دعوت کا اعادہ کیا جو انہوں نے دونوں صدور کی ملاقات کے دوران دی تھی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے دعوت کو قبول کرتے ہوئے پاکستانی حکام کو ہدایت کی کہ وہ ازبک ہم منصبوں کے ساتھ رابطہ قائم کرکے رواں سال کے آخر میں دورے کیلئے تاریخ کو حتمی شکل دیں۔ صدر مملکت نے اسلام آباد میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے بعد یکجہتی اور حمایت کے پیغام پر ازبک صدر کا شکریہ بھی ادا کیا اور امن، استحکام اور ترقی کے مشترکہ سفر کو جاری رکھنے کیلئے پاکستان اور ازبکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ازبکستان کے سفیر نے صدر مملکت کو آگاہ کیا کہ ازبکستان اسلام آباد کے سیکٹر ایف سیون میں بابر پارک کی تعمیر وترقی کا خواہاں ہے اور اس سلسلہ میں ایک متعلقہ ازبک وزیر آئندہ ہفتے اسلام آباد کا دورہ کریں گے تاکہ پاکستانی حکام سے منصوبے پر بات چیت کی جاسکے

بقیہ "عوامی دنیا" 17

جس میں مختلف یونینز کی قیادت اور کارکنان سمیت وفاقی قیادت بھی شامل ہے۔ انجمن اساتذہ پاکستان تحصیل کوٹ رادھا کشن کے صدر سردار بلاول طاہر نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دھرنا اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ہمارے مطالبات منظور نہیں ہو جاتے۔ ہمارے مطالبات ہیں کہ حکومت بھکاری کوفی الفور ختم کرے۔ وفاق کی طرز پہ 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس دے۔ 17۔اے رول کو دوبارہ سے بحال کیا جائے۔ اس کے علاوہ پینشن اور گریجویٹی پہ غاصبانہ ڈاکے کے نوٹیفکیشن کو واپس لیا جائے اور ملازمت کے وقت کیئے معاہدے کی مکمل پاسداری کو یقینی بنائے جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں کے درمیان تنخواہوں میں فرق کو ختم کر کے سب ملازمین کو منصفانہ پیکجز اور الاؤنسز دیے جائیں۔ کسی بھی معاشرے میں سرکاری ملازمین اہم کردار ادا کرتے ہیں سرکاری ملازمین مضبوط ہوں گے تب ہی ریاست مضبوط ہوگی۔

بقیہ "عوامی دنیا" 18

مزید بوجھ ڈالنا عوام دشمن اقدام ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی پالیسیاں کسانوں، مزدوروں اور متوسط طبقے کا معاشی قتل عام ہیں۔ مہنگائی سے پسے عوام کو سستا متبادل توانائی فراہم کرنے کے بجائے سولر صارفین پر قدغنیں لگانا ناقابلِ فہم اور ناقابلِ قبول ہے۔ عمران حبیب سروبا نے کہا کہ موجودہ حکومت کی ہر پالیسی معیشت دشمن ہے جس کے نتیجے میں کاروبار تباہ اور عوام بدحال ہو رہے ہیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 19

عوام کی بہتر سہولت کے لیے ریڈیوں کے نمبرز اور ڈیجیٹل بار کوڈ چسپاں کیا جائے گا اگر کوئی ریڑھی بان سرکاری ریٹ سے زیادہ دینے کی کوشش کرے گا تو اس کے خلاف ان لائن شکایت درج کر لی جائے گی ، یہ ڈیجیٹل نظام شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے اور مین بازار میں جو ریڑھی بان ہیں ان کو فلہ منڈی میں ایڈجسٹ کیا جائے گا جس کا پلان تیار کر لیا گیا ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 20

انعقاد کیا گیا، ورکشاپ کا بنیادی مقصد پولیس افسران میں پیشہ ورانہ اخلاقیات، نظم وضبط اور عوام دوست رویے کو فروغ دینا تھا، ٹریننگ ورکشاپ کے دوران پولیس افسران کو شہریوں کے ساتھ مثبت رویہ اور فرائض کی انجام دہی میں اعلیٰ نظم وضبط کو یقینی بنانے کے حوالے سے خصوصی لیکچرز دیے گئے، شرکا کو اس بات پر زور دیا گیا کہ وہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے صبر و تحمل، خوش اخلاقی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں۔ ورکشاپ میں ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس، پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس اور سی سی ڈی پولیس کے افسران نے شرکت کی، ٹریننگ کے اختتام پر افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ عوام کے ساتھ حسنِ سلوک کو اپنی پیشہ ورانہ ترجیح بنائیں ت

سٹی ٹریفک پولیس کے 29 افسران کو باڈی کیم فراہم

گشت پر مامور افسران کی یونیفارم پر بھی نصب ہونگے

اقدام چالان کی شفافیت کو یقینی بنانے اور شہریوں کے اعتماد میں اضافہ کرنے کیلئے اٹھایا گیا 'پہلے مرحلے میں 29 ٹریفک افسران 'ضلع کے 30 تھانہ جات کی گشت پر مامور گاڑیوں کے افسران کو باڈی کیم دیئے گئے

باڈی کیم کے ذریعے فیلڈ افسران 'شہریوں کے درمیان گفتگو اور کارروائی ریکارڈ کی جائیگی جس سے غلط چالان یا کسی بھی قسم کی شکایات میں واضح کمی آئیگی 'سٹاف کی کارکردگی بھی بہتر ہوگی 'سی ٹی او عائشہ بٹ

گوجرانوالہ (کرائم رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کے افسران کے یونیفارم پر باڈی کیم نصب 'وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں سٹی ٹریفک پولیس اور تھانہ جات کی پولیس کے افسران کے یونیفارم پر باڈی کیم نصب کر دیئے گئے۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر سردار غیاث گل خان نے سی ٹی او عائشہ بٹ کے ہمراہ ٹریفک افسران کے باڈی کیم کا جائزہ لیا۔ سی پی او گوجرانوالہ نے کہا کہ یہ اقدام چالان کی شفافیت کو یقینی بنانے اور شہریوں کے اعتماد میں اضافہ کرنے کیلئے کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں 29 ٹریفک افسران کو باڈی کیم فراہم کیے گئے ہیں جبکہ ضلع بھر کے 30 تھانہ جات کی گشت پر مامور گاڑیوں کے افسران کو بھی باڈی کیم دیئے گئے ہیں۔ باڈی کیم کے ذریعے فیلڈ افسران اور شہریوں کے درمیان تمام گفتگو اور کارروائی ریکارڈ کی جائے گی جس سے غلط چالان یا کسی بھی قسم کی شکایات میں واضح کمی آئے گی۔ سی ٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ڈسکہ کو سیف سٹی پراجیکٹ میں شامل کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے

صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے ڈسکہ میں تعمیر و ترقی کے ریکارڈ قائم کر دیئے ہیں، چوہدری سرفراز احمد چیمہ

ڈسکہ (رانا نصیر) ڈسکہ کو سیف سٹی پراجیکٹ میں شامل کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے پنجاب حکومت کی جانب سے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کی جانے والی کاوشیں قابل ستائش ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری سرفراز احمد چیمہ نے پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے ڈسکہ میں تعمیر و ترقی کے ریکارڈ قائم کر دیئے ہیں گزشتہ چالیس سالوں میں اتنے ترقیاتی کام نہیں ہوئے جتنے گزشتہ ایک سال میں شروع ہوئے ہیں مرکزی چیئرمین پاکستان پیپلز کونسل چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

بیگناہوں کا خون بہانے والے اسلام، انسانیت اور پاکستان کے دشمن ہیں

جو اپنے بیرونی آقاں کی خاطر وطن عزیز میں عدم استحکام چاہتے ہیں، میاں اقبال عزیز، ارشد مسعود ویرکا

کاموںکے (رانا محمد ناصر سے) بیگناہوں کا خون بہانے والے اسلام، انسانیت اور پاکستان کے دشمن ہیں جو اپنے بیرونی آقاں کی خاطر وطن عزیز میں عدم استحکام چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سماجی رہنما میاں اقبال عزیز، چیئرمین صدر کاموںکے ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز ارشد مسعود ویرکا، سابق صدر خاقان محمود سندھو، سابق سینئر نائب صدر تحصیل بار شمرہ ورک ایڈووکیٹ اور سابق وائس چیئرمین یونین کونسل سادھو کے حافظ غلام رسول نے اپنے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قرآن کریم ایک انسان کے ناحق قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیتا ہے۔ خیبر پی کے اور بلوچستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام چیرٹی ڈنر 14 کروڑ 85 لاکھ روپے سے زائد کے عطیات جمع، شرکا نے یتیموں کی کفالت کیلئے عطیات کی بارش کر دی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام چیرٹی ڈنر 14 کروڑ 85 لاکھ روپے سے زائد کے عطیات جمع، شرکا نے یتیموں کی کفالت کے لیے عطیات کی بارش کر دی، سیالکوٹ روڈ پیراگون مارکی میں چیرٹی ڈنر کا اہتمام الخدمت فاؤنڈیشن وزیرآباد کی جانب سے کیا گیا تھا تقریب میں صدر الخدمت فاؤنڈیشن محمد مشتاق بٹ، جماعت اسلامی کے صوبائی راہنما وقاص بٹ، ضلعی صدر جماعت اسلامی چوہدری ناصر محمود کلیر، صابر حسین بٹ، ڈاکٹر عبیداللہ گوہر سمیت ضلع بھر سے جماعت اسلامی کے مقامی راہنما اور مقامی مخیر حضرات شریک تھے تقریب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن کے زیر اہتمام نجی ہوٹل میں سالانہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

جس کی صدارت یونیورسٹی آف پنجاب کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم اور پروفیسر آفتاب محسن نے کی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن کے زیر اہتمام نجی ہوٹل میں سالانہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت یونیورسٹی آف پنجاب کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم اور پروفیسر آفتاب محسن نے کی۔ کانفرنس میں پاکستان سری لنکا انگلینڈ یونائٹڈ عرب امارات سمیت دیگر ممالک کے سینئر ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ تقریب میں بہترین پیشہ وارانہ خدمات پر سینئر ڈاکٹرز کو حراج تحسین پیش کیا گیا اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پولیس سروس کی استعداد کار بڑھانے اور پولیس رویوں میں مثبت تبدیلی کیلئے ورکشاپ کا انعقاد

قصور (محمد فیاض سندھو) پولیس سروس کی استعداد کار بڑھانے اور پولیس رویوں میں مثبت تبدیلی کیلئے ورکشاپ کا انعقاد۔ وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں پولیس سروس کی استعداد کار بڑھانے اور پولیس رویوں میں مثبت تبدیلی کے لئے "Learning To Unlearning" ورکشاپ کا انعقاد، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب عبدالکریم کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او آفس قصور میں "Learning to Unlearning" اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ عثمان طاہر جپہ نے پیرا بورڈ کے اجلاس کی صدارت کی

جتوئی (ملک مختیار چنڈیر) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ عثمان طاہر جپہ نے پیرا بورڈ کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں پیرا فورس سے متعلق امور، جاری و مجوزہ منصوبوں، انتظامی معاملات اور پیرا فورس میں سارجنٹ ڈرائیورز اور سارجنٹس کی بھرتی کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عثمان طاہر جپہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ پیرا فورس میں سارجنٹ ڈرائیورز اور سارجنٹس کی بھرتی کا عمل مکمل شفافیت، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

چونیاں سدھا اوتاڑ، سدھا ہٹھاڑ کے مشترکہ قبرستان پر قبضہ مافیا کا تسلط انتظامیہ کی خاموشی

اسسٹنٹ کمشنر چونیاں کی یقین دہانیاں عملی شکل نہ اختیار کر سکیں

چونیاں (نواب یاور حسین اسدی) چونیاں سدھا اوتاڑ، سدھا ہٹھاڑ کے مشترکہ قبرستان پر قبضہ مافیا کا تسلط انتظامیہ کی خاموشی، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں کی یقین دہانیاں عملی شکل نہ اختیار کر سکیں اہلِ علاقہ میں شدید اضطراب، احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے کا اعلان تفصیلات کے مطابق تحصیل چونیاں کے نواحی علاقوں سدھا اوتاڑ، سدھا ہٹھاڑ اور ملحقہ دس دیہاتوں کا مشترکہ قبرستان بااثر قبضہ مافیا کے نرغے میں ہے، جبکہ تحصیل انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی پراسرار خاموشی نے عوام میں شدید بے چینی پیدا کر دی ہے۔ اہلِ علاقہ نے قبرستان کی واگزاری کے لیے اسسٹنٹ کمشنر چو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اندرون شہر بازاروں کی خوبصورتی کے منصوبہ پر کام تیزی سے جاری

انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اندرون شہر بازاروں کو خوبصورت بنانے کے اس منصوبہ سے کاروباری مراکز میں آمدورفت کا نظام منظم اور بہتر ہوگا' ڈپٹی کمشنر

کاروباری سرگرمیاں فروغ پائیں گی تاجر اور صارفین ان سے مستفید ہوں گے 'ہنگامی دوروں کے دوران ڈی سی نوید احمد نے پپلی والا کے پرائمری سکول کا بھی دورہ کیا اور تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے دال بازار 'جناح بازار اور دیگر اندرون شہر کے علاقوں کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اور خوبصورت پنجاب پروگرام کے تحت اندرون شہر کے بازاروں کو خوبصورت بنانے کیلئے جاری منصوبے کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا ہے کہ یہ منصوبے جلد مکمل ہوں گے جس سے بازاروں میں آمدورفت کا نظام منظم و بہتر ہوگا بلکہ کاروباری سرگرمیاں فروغ پائیں گی تاجر اور صارفین ان سے مستفید ہوں گے ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ پرائمری سکول پپلی والا کا دورہ بھی کیا جہاں انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

فتح جنگ میں فل لائٹس اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کریک ڈاؤن

22 ٹرالر اور متعدد ٹرکوں کے خلاف کارروائی

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) پراکس کنٹرول مجسٹریٹ و تحصیلدار فتح جنگ چوہدری شفقت محمود جنہیں ٹریفک مجسٹریٹ کے اختیارات بھی حاصل ہیں کی زیر نگرانی رات کے اوقات میں فل لائٹس اور غیر قانونی اضافی لائٹس استعمال کرنے والی چھ بھوسے والے ٹرکوں کے خلاف سخت اور بلاامتیاز کارروائی کی گئی، اضافی غیر قانونی لائٹس قبضے میں لے لی گئیں جس کا مقصد ٹریفک قوانین کی کھلی خلاف ورزیوں کا خاتمہ اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہے۔ کارروائی کے دوران ایک سیمنٹ سے لوڈ ٹرک بھی تحویل میں لے کر ڈرائیور کو گرفتار کیا گیا جبکہ دو ٹرالے بھی بند کیے گئے، مجموعی طور پر چھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

خیرپور سادات: میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے سردار حاکم علی زرداری ٹرسٹ کے زیر انتظام شام 6 بجے کے بعد لنگر خانہ، مزدوروں اور مسافروں کے لیے بڑی سہولت

جتوئی (ملک مختیار چنڈیر) خیرپور سادات: میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے سردار حاکم علی زرداری ٹرسٹ کے زیر انتظام شام 6 بجے کے بعد لنگر خانہ، مزدوروں اور مسافروں کے لیے بڑی سہولت، شہریوں کا اقدام کو صدقہ جاریہ قرار* پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر اور صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی تعاون اور کاوشوں سے سردار حاکم علی زرداری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پنجاب کالج وزیرآباد میں سکول ونگ کے سالانہ سپورٹس گالا کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا

جس کے مہمان خصوصی پرنسپل پنجاب کالج پروفیسر حافظ محمد آصف عثمانی تھے

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب کالج وزیرآباد میں سکول ونگ کے سالانہ سپورٹس گالا کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی پرنسپل پنجاب کالج پروفیسر حافظ محمد آصف عثمانی تھے جبکہ دیگر مہمانوں میں پرنسپل ہوپ سکول محمد فیاض اور مختار حمزہ بھٹی شامل تھے۔ سپورٹس گالا میں کھیلوں کے شاندار مقابلے پیش کیے گئے اور طالبات کی مختلف ہاسز کے طور پر انٹری نے تقریب کو چار چاند لگا دیے طالبات نے کھیلوں کی سرگرمیوں کو خوب انجوائے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل پنجاب کالج نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سپریم کورٹ نے سلمان صفدر کو عمران خان سے ملاقات کی اجازت دے دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ نے سلمان صفدر کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کی اجازت دے دی۔ عدالت نے توشہ خانہ فوجداری کیس کے ٹرائل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس پوسٹ کھنڈر میرانی نے انسانی ہمدردی اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کو مقدم رکھتے ہوئے سفید پوش طبقے سے تعلق رکھنے والے معصوم بچوں کی بحفاظت روڈ کراسنگ کو یقینی بنایا

صفدر آباد (محمد اکبر شاہ) بحکم افسران بالا انچارج پوسٹ اسسٹنٹ سب انسپکٹر عبدالرشید کی زیر نگرانی پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس پوسٹ کھنڈر میرانی نے انسانی ہمدردی ا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لیز پر دی جانیوالی دکانیں کمشنر کے حکم پر سیل نوٹس چسپاں کر دیا گیا

دوکانوں کو نقشہ منظور نہ کروانے اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی پر سیل کیا گیا ہے اگر کوئی بغیر اجازت ان دوکانوں کو کھولے گا تو اس کیخلاف ایف آئی آر درج کی جائیگی

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) کمشنر کے حکم پر سابق سی او میونسپل کارپوریشن کی جانب سے لیز پر دی جانیوالی دکانوں کو سیل کر کے نوٹس چسپاں کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق اینٹی کرپشن کے مقدمہ کرپشن کیس میں گرفتار سابق سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چٹھہ کو گزشتہ روز سینئر سول جج کریمنل ڈویژن چوہدری صفت اللہ نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا دیا تھا، جبکہ سابق چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حیدر چٹھہ کیخلاف اینٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پنجاب حکومت نے محفوظ بسنت کا انعقاد کر کے نئی تاریخ رقم کر دی

حمیس گلزار مغل

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایک ایسے ایونٹ کا انعقاد ممکن بنایا جو مکمل سیکیورٹی، نظم و ضبط اور عوامی تفریح کا حسین امتزاج تھا' سابق سینئر نائب صدر چیمبر

گوجرانوالہ (کامرس رپورٹر) سابق سینئر نائب صدر چیمبر آف کامرس گوجرانوالہ حمیس گلزار مغل نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے شاندار اور محفوظ بسنت کا انعقاد کر کے نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے ایک ایسے ایونٹ کا انعقاد ممکن بنایا جو مکمل سیکیورٹی، نظم و ضبط اور عوامی تفریح کا حسین امتزاج تھا۔ حمیس گلزار مغل کا کہنا تھا کہ تاریخ میں پہلی بار اتنے بڑے پیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

شیخوپورہ صفدر آباد، ایڈن پبلک سکول صفدر آباد میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی

تقریب میں طلبہ کی تعلیمی، اخلاقی اور ہم نصابی کارکردگی کو سراہا گیا

صفدر آباد (سید محمد اکبر حسنین شاہ) شیخوپورہ صفدر آباد۔ تقریب میں طلبہ کی تعلیمی، اخلاقی اور ہم نصابی کارکردگی کو سراہا گیا۔ شیخوپورہ۔ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات اور اسناد تقسیم کی گئیں۔ شیخوپورہ۔ صفدر آباد کے معروف صحافی صابر حسین گھمن کے صاحبزادے حسیب جٹ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ شیخوپورہ صفدر اباد۔ حسیب جٹ نے اپنی کلاس میں اول پوزیشن حاصل کر کے سکول کا نام روشن کر دیا۔ شیخوپورہ۔ کامیابی پر سکول انتظامیہ، اساتذہ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

این ڈی یو کی انٹرنیشنل ورکشاپ کے شرکا کا دورہ وزارت خارجہ، خارجہ پالیسی اور ترجیحات پر بریفنگ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (این ڈی یو) کے انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز، ریسرچ اینڈ اینالیسس (آئی ایس ایس آر اے) میں جاری 'چھٹی انٹرنیشنل ورکشاپ آن لیڈرشپ اینڈ اسٹیبلیٹی' کے شرکا نے آج وزارت خارجہ اسلام آباد کا دورہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سفیر طاہر اندرابی نے وفد کو ایک انٹرایکٹو سیشن کے دوران پاکستان کی خارجہ پالیسی، اس کی تشکیل، مقاصد اور ترجیحات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزارت خارجہ کے تنظیمی ڈھانچے اور طریقہ کار پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ورکشاپ کے شرکا میں دنیا کے تمام براعظموں سے تعلق رکھنے والے 50 سے زا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کلہاڑیوں کے وار کر کے ایک ہاتھ کی انگلیاں کاٹ دیں

ملزمان کو گرفتار کر کے ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے، متاثرین

گوجرانوالہ (کرائم رپورٹر) کلہاڑیوں کے وار کر کے ایک ہاتھ کی انگلیاں کاٹ دیں، تفصیل کے مطابق رکھ کلاں کے رہائشی آصف کا پرویز، جمشید اویس پسران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

آبادی میں غیر متوازن اضافہ ملک کو درپیش سنگین مسائل میں سے ایک

پاپولیشن ویلفیئر آفیسر

آبادی 'وسائل میں توازن قائم نہ کیا گیا تو تعلیم 'صحت 'روزگار' بنیادی سہولیات پر دباؤ مزید بڑھے گا شعور پیدا کرنے کیلئے تمام طبقات کو ملکر کام کرنا ہوگا' عدنان اشرف

تمام مذاہب 'اعتدال 'توازن اور ذمہ داری کی تعلیم دیتے ہیں 'صحت و فلاح کے تناظر میں خاندانی منصوبہ بندی کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے' علامہ جواد احمد قاسمی

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار بعنوان آبادی اور وسائل میں توازن وقت کی اہم ضرورت منعقد ہوا جس میں مذہبی رہنماؤں 'اساتذہ 'وکلا' صحافیوں 'مسیحی برادری کے نمائندگان اور سول سوسائٹی کے اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کا مقصد ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود وسائل کے درمیان توازن کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور ذمہ دارانہ خاندانی منصوبہ بندی کے ذریعہ پائیدار سماجی و معاشی ترقی کے امکانات پر روشنی ڈالنا تھا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر عدنان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

بنگلہ دیش انتخابات: پولنگ اسٹیشن کے 400 گز کے اندر موبائل فون پر پابندی، جماعتِ اسلامی کی جانب سے شدید مذمت

ڈھاکا (نیوز ڈیسک) بنگلہ دیش جماعتِ اسلامی نے تیرہویں قومی اسمبلی انتخابات اور مجوزہ ریفرنڈم کے تناظر میں پولنگ اسٹیشن کے 400 گز کے دائرے میں ووٹروں کے لیے موبائل فون کے استعمال پر پابندی سے متعلق الیکشن کمیشن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ جماعت نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری طور پر یہ نوٹیفکیشن واپس نہ لیا گیا تو عوام کو ساتھ لے کر الیکشن کمیشن کی عمارت کا گھیراؤ کیا جائے گا۔ جماعتِ اسلامی کے سیکرٹری جنرل اور سابق رکنِ پارلیمنٹ میاں غلام پروار نے 9 فروری کو جاری ایک بیان میں الیکشن کمیشن کے اس فیصلے کی شدید مذ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

صدر سٹی پریس کلب کاموںکے رانا محمد ناصر تحصیل بار ایسوسی ایشن کاموںکے کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی

کاموںکے (رانا محمد ناصر سے) صدر سٹی پریس کلب کاموںکے رانا محمد ناصر نے گذشتہ روز تحصیل بار ایسوسی ایشن کاموںکے کے نومنتخب صدر چوہدری محمد آفتاب ورک ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری رانا راحیل ایوب ایڈووکیٹ کو انکے دفتر جا کر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کیلئے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نومنتخب صدر وکلا کو درپیش مسائل کے حل، عدالتی نظام کی بہتری اور انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائیں گے۔ رانا محمد ناصر نے مزید کہا کہ صحافی برادری اور وکلا برادری کا آپس میں گہرا تعلق ہے اور دونوں شعبے معاشرے میں انصاف، حق اور سچ کی آواز بلند (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

سلانوالی میں ہیلتھ اینڈ پاپولیشن میلہ کا انعقاد

چھوٹے خاندان کی اہمیت پر بھرپور آگاہی دی گئی

سرگودھا جھاوریاں (نمائندہ راجہ فیاض) محکمہ ہیلتھ اینڈ پاپولیشن سرگودھا کے زیر اہتمام سلانوالی میں آگاہی میلہ منعقد کیا گیا، جس کا افتتاح چیئرمین محکمہ زکوۃ و عشر پنجاب ایم پی اے رانا منور غوث نے کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سلانوالی چوہدری محمد اکمل، سی او ہیلتھ ڈاکٹر عدنان اصغر اور ضلعی افسر ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ملک آفتاب اعوان بھی موجود تھے۔ میلے کا مقصد عوام میں صحت، آبادی میں توازن اور چھوٹے خاندان کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔ ایم پی اے رانا منور غوث نے کہا کہ آبادی میں توازن کے بغیر معاشی اور سماجی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

طلبہ یونینز پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کی جائے صاحبزادہ وسیم حیدر

لاہور (نیوز ڈیسک) ناظمِ اعلیٰ اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان صاحبزادہ وسیم حیدر نے کہا ہے کہ طلبہ یونینز پر پابندی نوجوانوں کو سیاسی اور جمہوری تربیت سے محروم رکھنے کی ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ضرورت نمائندگان
عوامی دنیا NEWS HD
کو اپنی بڑھتی ہوئی سرکولیشن کے پیش نظر
ملک بھر سے
بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر، تحصیل رپورٹر، نامہ نگار
نمائندہ خصوصی، سٹی رپورٹر، اور کورٹس رپورٹر کی ضرورت ہے
نمائندگان اس نمبر پر رابطہ کریں
0322-8882222
صحافت کا تجربہ رکھنے والے افراد رابطہ کریں۔